
حیات انبیاء کرام

علیہم الصلوٰۃ والسلام

سوالاً جواباً



مؤلف

مولانا ابو محمد علی شیر مسعودی نقشبندی مجددی

دارالعلوم خلفائے راشدین

حاصل پور روڈ چشتیاں شریف


حیات انبیاء کرام
علیہم الصلوٰۃ والسلام
سوالاً جواباً
مؤلف
مولانا ابو محمد علی شیر مسعودی نقشبندی مجددی
دار العلوم خلفائے راشدین
حاصل پور روڈ۔ چشتیاں شریف

نام کتاب : حیاتِ انبیاءِ کرام علیہم السلام

مؤلف : مولانا ابو محمد علی شیر مسعودی نقشبندی

صفحات : 88

سن اشاعت : رجب المرجب ۱۴۳۴ھ / جون ۲۰۱۳ء

ناشر : دارالعلوم خلفائے راشدین

قیمت :

رابطہ

☆ دارالعلوم خلفائے راشدین، بستی علی پورہ، المعروف موچی پورہ

47 فتح، حاصل پور روڈ، چشتیاں، ضلع بہاولنگر 0345-8074204

Email: alisherkhan17@gmail.com

alisherkhan17@yahoo.com

quranacademy99@gmail.com

ملنے کے پتے

☆ مسلم کتابوی، دربار مارکیٹ، لاہور

☆ ادارہ مسعودیہ: 5-6/2، ای-ناظم آباد، کراچی

☆ مکتبہ قادریہ، دربار مارکیٹ لاہور

☆ نظامیہ کتاب گھر اُردو بازار لاہور

☆ مکتبہ جامعہ نظامیہ، اندرون لوہاری گیٹ

انتساب

میں اپنی اس کاوش کو اولاً اپنے دادا مرشد ماہر رضویات، ناشر مجددیات، حضرت قبلہ پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد نوّر اللہ مرقدہ' اور اپنے پیر و مرشد جانشین مسعود ملت حضرت صاحبزادہ ابوالسرور محمد مسرور احمد مسعودی نقشبندی مجددی مظہری دامت برکاتہم العالیہ

ثانیاً اپنے اساتذہ کرام اور اپنے والدین کریمین کے نام منسوب کرتا ہوں۔ جن کی روحانی توجہات کی بدولت مجھے اس کاوش کو احاطہ تحریر میں لانے کی سعادت نصیب ہوئی۔

غلام مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم

ابو محمد علی شیر مسعودی نقشبندی، مجددی

یکم جنوری 2009ء

تقدیم

از صوفی محمد عبدالستار طاہر مسعودی

قرآن پاک الحمدللہ وہ کتابِ رشدو ہدایت ہے جسے آخری الہامی کتاب کہا جاتا ہے۔اللہ کریم نے اپنی اس مقدس کتاب میں اپنے بندوں کو زندگی گزارنے کا سلیقہ اور قرینہ تعلیم فرمایا۔اوامرونواہی کے لئے جہاں بشارتوں سے حوصلہ بڑھایا، وعدوں سے ثابت قدمی کا جزبہ عطا فرمایا، اپنی رضا کا، خوشنودی کا مژدہ سنایا، وہیں ڈر سنا کر اپنے غصے اور ناراضگی کی وعید بھی بیان فرمائی،۔۔۔احکامات کے ساتھ ساتھ بندوں کی رہنمائی کے لئے بندوں کے واقعات وقصص بھی بیان فرمائے، کہیں اجمالی طور، کہیں تفصیل کے ساتھ، ۔۔۔ان بندں میں وہ بھی شامل ہیں جو عمر بھر اس کی رضا اور خوشنودی کے لئے خود بھی کوشاں رہے، اور باقی لوگوں کو اس راہ کی طرف بلاتے رہے، دعوت دیتے رہے، اس کی ناراضگی سے ڈراتے رہے،۔۔۔یہی بندے اس کے انعام یافتہ بندے کہلائے، جن کا ذکر اس کریم نے اپنی اس کتاب کی ابتدا میں ہی فرمادیا بلکہ اس کے شروع میں اس راہ کی نشاندہی فرمادی، جسے صراط مستقیم کہا جاتا ہے اور یہی راہ اس کی پسندیدہ اور اس کے بندوں کی محبوب راہ ہے، اور ان بندوں میں وہ بھی شامل ہیں، جنھوں نے سب کچھ جان لینے کے باوجود خودسری کا مظاہرہ کیا اور نافرمانی پر تلے رہے، اور صراط مستقیم سے ہٹے رہے، اور اپنی ہی ڈگر پر ڈٹے رہے۔۔۔اس ڈھٹائی نے انھیں تباہی اور عبرت سے دوچار کیا۔

عزیزم علی شیر مسعودی صاحب زید مجدہٗ نے اپنی اس کاوش میں اللہ تعالیٰ کے ان محبوبوں کا ذکر کیا ہے جو ساری مخلوق سے افضل ہیں، جو اس کے نائب ہیں، جو اس کے خلیفہ ہیں۔انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی مبارک زندگیاں ہر دور اور ہر زمانے کے لوگوں کے

لئے مشعل راہ ہیں۔ان قدسی صفات ہستیوں کی زندگیوں کی روشنی میں اپنی دنیا اور آخرت کو بنایا اور سنوارا جا سکتا ہے۔۔۔۔اللہ تعالیٰ عزیزم علی شیر مسعودی کی اس اوّلین کاوش کو افادۂ عام کا ذریعہ بنائے۔ان کے علم اور قلم میں برکت اور استقامت عطا فرمائے۔اللھم آمین بجاہ سید المرسلین

محرم الحرام ۱۴۳۴ ھجری

14 دسمبر 2012ء جمعۃ المبارک

خاکپائے صاحبدلاں

محمد عبدالستار طاہر مسعودی عفی عنہ

ادارہ تحقیقات مسعود ملت

پیر کالونی۔والٹن لاہور کینٹ

تقریظ ۱

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جامع المعقول والمنقول استاذ العلماء شیخ الحدیث والتفسیر حضرت علامہ مولانا مفتی فاروق احمد قادری

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم امابعد بنی نوع انسان میں خالق ومخلوق کے نزدیک سب سے برگزیدہ اور مقدس ہستیاں انبیاء کرام علیہم السلام کی ہیں۔ جنکو خالق جل مجدہ الکریم نے خاص طور پر مخلوق، کی فکر، اعتقادی، عملی واخلاقی اصلاح تربیت کے لیے علوم ومعارف، رشد وہدایت کا خدائی نظام اور پروگرام دیکر مبعوث فرمایا۔ جہاں ان سے بے شمار خوش نصیبوں نے بلاواسطہ براہ راست فیض حاصل کیا، وہاں پر قیامت تک آنیوالوں کے لیئے انکی پاکیزہ سیرتوں اور مبارک قصص میں عظیم خیر وبرکت کے ساتھ ساتھ بنی آدم کے لیے اصلاح احوال کا بہت بڑا سامان ہے۔ باالخصوص اس پرفتن دور میں کہ گمراہ کن میڈائی پروگراموں اور مخرب الاخلاق لیٹریچرز کا طوفان بدتمیزی گھر گھر کو بری طرح متاثر کیئے ہوئے ہے۔ نیکی کی دعوت اللہ والوں کے تذکروں کی صورت میں ان فتنوں کا مؤثر دفاع ہے۔ میرے عزیز حضرت مولانا قاری علی شیر مسعودی، اطال اللہ عمرہ وبارک فی علمہ نے حیات انبیاء کرام کے نام سے جو کتاب ترتیب دی، الحمد اللہ اس حوالے سے بڑی قابل قدر اور لائق تحسین کاوش ہے۔ میں نے مذکورہ کتاب کے کچھ مقامات کا مطالعہ کیا۔ ان کی اس سعی جمیل سے بہت خوشی ہوئی۔ اللہ تعالی اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور اس محنت پر اجر

عظیم عطاء فرمائے۔اور قارئین کو استفادہ کی توفیق بخشے۔اور اس کتاب کو حضرت مولانا قاری علی شیر صاحب کے لیے اس دنیا میں حسین یادگار اور آخرت کا مقبول توشہ بنا دے۔

آمین۔بجاہ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحبہ اجمعین

فاروق احمد قادری

خادم الحدیث والافتاء جامعہ حامدیہ رضویہ گلشن رضا کراچی

مورخہ 21.03.2013

موبائل نمبر 03212574147

عرض مؤلف

دنیا اچھی اور بری چیزوں سے بھری پڑی ہے، زندگی بہت مختصر ہے انتظار نہیں کرسکتی آن کی آن میں اچھی چیزوں کی اچھائی اور بری چیزوں کی برائی کا اندازہ لگانا عقل کے بس کی بات نہیں، وہ بینائی سے محروم ہے اور تجربوں کی محتاج ہے، اللہ تعالیٰ نے اپنے مجبور بندوں پر کرم فرمایا اور مہربانی فرمائی کہ انبیاء علیہم السلام کو بھیجا، پھر قرآن وسنت کا پیغام پہنچانے والے پیغام پہنچاتے رہے اور دین اسلام کی تبلیغ کرتے رہے، اچھی اور بری چیزوں کو بتاتے رہے اور اللہ تعالیٰ کے بندوں کی رہنمائی کرتے رہے، اللہ تبارک وتعالیٰ نے انسانوں کی رشد وہدایت کیلئے انبیاء کرام کو مبعوث فرمایا اور ان کے احوال واوصاف واخلاق اور ان کے فضائل وکمالات کو قرآن مجید میں بیان فرمایا، ان مقدس ہستیوں کے متعلق معلومات انسانوں کے اصلاح احوال اور حصول خیر وبرکات اور پختگی ایمان کا بہت بڑا اور مؤثر ذریعہ ہے۔ اس لئے اس فقیر نے ان عظیم اور محبوب انسانوں کے کچھ حالات بعنوان حیات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام قلم بند کئے ہیں۔

برادران ملت سے میری گزارش ہے کہ اس رسالہ سے استفادہ حاصل کریں۔

اور بندہ ناچیز کو اپنی دعاؤں میں یاد فرمائیں۔

اللہ تعالیٰ میری اس کاوش کو شرف قبولیت سے نوازے آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

غلام مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ابو محمد علی شیر نقشبندی، مجددی، مسعودی

1-1-2009

اللہ تعالیٰ جلّ جلالہٗ

س نمبر 1: تمام مخلوق کا رازق کون ہے؟

ج نمبر 1: تمام مخلوق کا رازق اللہ تعالیٰ ہے۔

س نمبر 2: تمام مخلوق کا پالنے والا کون ہے؟

ج نمبر 2: تمام مخلوق کا پالنے والا اللہ تعالیٰ ہے۔

س نمبر 3: اللہ تعالیٰ کو کس نے پیدا کیا؟

ج نمبر 3: اللہ تعالیٰ کو کسی نے پیدا نہیں کیا وہ پیدائش سے پاک ہے۔

س نمبر 4: کیا اللہ تعالیٰ کی کوئی اولاد ہے؟

ج نمبر 4: نہیں اللہ تعالیٰ کی کوئی اولاد نہیں وہ اولاد سے پاک ہے۔

س نمبر 5: کیا اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی اور بھی خدا ہے؟

ج نمبر 5: نہیں اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی خدا نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی اور خدا ہوتا تو زمین میں فساد ہو جاتا۔

س نمبر 6: کیا خدا ایک ہے؟

ج نمبر 6: جی ہاں خدا ایک ہے جس طرح قرآن پاک میں بیان کیا گیا ہے۔

س نمبر 7: کیا اللہ تعالیٰ کو نیند آتی ہے؟

ج نمبر 7: جی نہیں اللہ تعالیٰ نیند سے پاک ہے۔

س نمبر 8: سارے جہانوں کا پیدا کرنے والا کون ہے؟

ج نمبر 8: اللہ تبارک وتعالیٰ ہے۔

س نمبر 9: کیا اللہ تعالیٰ کو موت آسکتی ہے؟

ج نمبر9: نہیں اللہ تعالیٰ کو موت نہیں آسکتی وہ موت سے پاک ہے۔

س نمبر10: کیا اللہ تعالیٰ زندہ رہے گا؟

ج نمبر10: جی ہاں اللہ تعالیٰ زندہ ہے اور زندہ رہے گا۔

س نمبر11: تمام چیزوں کا بادشاہ کون ہے؟

ج نمبر11: تمام چیزوں کا بادشاہ اللہ تعالیٰ ہے۔

س نمبر12: کیا اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق ہے؟

ج نمبر12: جی نہیں اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

س نمبر13: کیا اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کو سجدہ کرنا جائز ہے؟

ج نمبر13: بالکل نہیں اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کو سجدہ کرنا جائز نہیں۔

س نمبر14: کیا اللہ تعالیٰ کا علم محدود ہے؟

ج نمبر14: اللہ تعالیٰ کا علم لامحدود ہے۔

س نمبر15: کیا قیامت کو اللہ تعالیٰ قائم کریگا؟

ج نمبر15: جی ہاں اللہ تعالیٰ قیامت کو ضرور قائم کریگا۔

س نمبر16: کیا اللہ تعالیٰ تمام غیبوں کا جاننے والا ہے؟

ج نمبر16: جی ہاں اللہ تعالیٰ تمام غیبوں کا جاننے والا ہے۔

س نمبر17: کیا اللہ تعالیٰ ہر چیز کو دیکھ رہا ہے؟

ج نمبر17 جی ہاں اللہ تعالیٰ ہر چیز کو دیکھ رہا ہے۔

س نمبر18: کیا اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے؟

ج نمبر18: جی ہاں اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔

س نمبر19: کیا زندگی اور موت اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے؟

ج نمبر 19: جی ہاں زندگی اور موت اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔

س نمبر 20: کیا موت کے بعد اللہ تعالیٰ دوبارہ زندہ کریگا؟

ج نمبر 20: جی ہاں اللہ تعالیٰ قیامت کے دن زندہ کریگا۔

س نمبر 21: کیا علم غیب انبیاء کرام کے پاس ہے؟

ج نمبر 21: جی ہاں بعض انبیاء کو اللہ تعالیٰ نے علم غیب عطاء فرمایا ہے۔

س نمبر 22: اللہ تعالیٰ کا علم ذاتی ہے یا عطائی؟

ج نمبر 22: اللہ تعالیٰ کا علم ذاتی ہے۔

س نمبر 23: جو علم انبیاء کے پاس ہے وہ ذاتی ہے یا عطائی؟

ج نمبر 23: جو علم انبیاء کے پاس ہے وہ عطائی علم ہے۔

حوالہ جات

1۔پ 28 سورۃ جمعہ آیت نمبر 11

2۔پ 1 سورۃ الفاتحہ آیت نمبر 1

3۔پ 30 سورۃ الاخلاص آیت نمبر 3

4۔پ 30 سورۃ الاخلاص آیت نمبر 3

5۔پ 17 سورۃ انبیاء آیت نمبر 22

6۔پ 30 سورۃ الاخلاص آیت نمبر 1

7۔پ 3 سورۃ البقرہ آیت نمبر 255

8۔پ 7 سورۃ انعام آیت نمبر 101۔پ 24 سورۃ زمر آیت نمبر 62

9۔پ 3 سورۃ البقرہ آیت نمبر 255

10۔پ 3 سورۃ البقرہ آیت نمبر 255

11۔پ26 سورۃالفتح آیت نمبر14

12۔پ2 سورۃالبقرہ آیت نمبر163۔پ3 سورۃ آل عمران آیت نمبر62

13۔پ27 سورۃالنجم آیت نمبر62۔پ24 سورۃ حٰم سجدہ آیت نمبر37

14۔پ28 سورۃ طلاق آیت نمبر12

15۔پ21 سورۃالرُوم آیت نمبر14

16۔پ26 سورۃالحجرات آیت نمبر18

17۔پ26 سورۃالحجرات آیت نمبر18

18 پ28 سورۃ طلاق آیت نمبر12

19۔پ1 سورۃالبقرہ آیت نمبر28۔پ16 سورۃ طٰہٰ آیت نمبر55

20۔پ4 سورۃ آل عمران آیت نمبر79۔پ29 سورۃ جن آیت نمبر26 تا27

حضرت آدم علیہ السلام

س نمبر 1 کیا آپ کو پتہ ہے اللہ تعالیٰ کے پہلے خلیفہ کون تھے؟

ج نمبر 1: جی ہاں اللہ تعالیٰ کے پہلے خلیفہ حضرت آدم علیہ السلام تھے۔

س نمبر 2: سجدہ تعظیمی کون سے نبی کو کیا گیا تھا؟

ج نمبر 2: حضرت آدم علیہ السلام کو۔

س نمبر 3: کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ حضرت آدم علیہ السلام پہلے کہاں رہتے تھے؟

ج نمبر 3: حضرت آدم علیہ السلام پہلے جنت میں رہتے تھے۔

س نمبر 4: حضرت آدم علیہ کی توبہ کس دن قبول ہوئی تھی؟

ج نمبر 4: جمعہ کے دن دس محرم کے دن۔

س نمبر 5: کیا آپ جانتے ہیں حضرت آدم علیہ السلام کی پسلی سے کس کو پیدا کیا گیا تھا؟

ج نمبر 5: حضرت حوا علیہا السلام کو پیدا کیا گیا تھا۔

س نمبر 6: حضرت آدم علیہ السلام کی کون سی پسلی سے حضرت حوا کو پیدا کیا گیا تھا؟

ج نمبر 6: بائیں پسلی سے۔

س نمبر 7: حضرت آدم علیہ السلام کے کون سے بچے اکیلے پیدا ہوئے تھے؟

ج نمبر 7: حضرت شیث علیہ السلام۔

س نمبر 8: حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد میں سے سب سے پہلا قتل کس نے کیا؟

ج نمبر 8: قابیل نے۔

س نمبر 9: حضرت آدم علیہ السلام کون سے کام میں مشغول رہے؟

ج نمبر 9: حضرت آدم علیہ السلام کھیتی باڑی کے کام میں مشغول رہے۔

س نمبر 10: حضرت آدم علیہ السلام کی قبر مبارک کہاں ہے؟

ج نمبر 10: حضرت آدم علیہ السلام کی قبر مبارک مختلف روایات میں ہیں۔

ایک روایت کے مطابق حرم شریف میں ہے اور ایک روایت میں جزیرہ سراندیپ۔

س نمبر 11: سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے کس انسان کو پیدا کیا؟

ج نمبر 11: حضرت آدم علیہ السلام کو۔

س نمبر 12: سب سے پہلے نبی کون سے تھے؟

ج نمبر 12: حضرت آدم علیہ السلام۔

س نمبر 13: سب سے پہلے سجدہ شکر بجالانے والے کون تھے؟

ج نمبر 13: حضرت آدم علیہ السلام۔

س نمبر 14: ایام بیض کے روزے سب سے پہلے کس نے رکھے تھے؟

ج نمبر 14: ایام بیض کے روزے سب سے پہلے حضرت آدم علیہ السلام نے رکھے تھے

س نمبر 15: حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد میں سے کون سے نبی ان کے ہم شکل تھے؟

ج نمبر 15: حضرت شیث علیہ السلام۔

س نمبر 16: حضرت آدم علیہ السلام کی دعا کس کے وسیلہ سے قبول ہوئی؟

ج نمبر 16: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

س نمبر 17: قرآن پاک میں لفظ آدم کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج نمبر 17: ۲۵ مرتبہ۔

س نمبر 18: حضرت آدم السلام کی کل اولاد کتنی تھی؟

ج نمبر 18: نوسو ننانوے بیٹے اور بیٹیاں (999)۔

س نمبر 19: حضرت آدم علیہ السلام کا قد کتنا تھا؟

ج نمبر19: ساٹھ ہاتھ۔

س نمبر20: حضرت آدم علیہ السلام کی نمازِ جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج نمبر20: حضرت شیث علیہ السلام نے، بعض روایت میں حضرت جبرائیل نے۔

س نمبر21: حضرت آدم علیہ السلام پر کتنے صحیفے نازل ہوئے۔

ج نمبر21: دس10۔

حوالہ جات

1۔پ 1 سورۃ البقرہ آیت نمبر30

2۔روح المعانی ج1 ص 229۔خزائن العرفان

3۔روح البیان، 4۔روح المعانی

5۔روح المعانی ج1 ص نمبر 633 - 634

6۔روح المعانی ج1 ص نمبر3 23 - 234

7۔روح المعانی ج1 ص نمبر 235 - 234

8۔مواہب الدنیہ ۔ انوار محمدیہ ص نمبر15

9۔روح المعانی ج4 ص نمبر115۔تفسیر کبیر ج11 ص نمبر 208

10۔تفسیر عزیزی۔تفسیر عزیزی، تفسیر نعیمی ج اول

حضرت ادریس علیہ السلام

س نمبر 1: آپ کا اصل نام کیا تھا؟

ج نمبر 1: اصل نام اختوخ تھا۔

س نمبر 2: حضرت ادریس علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟۔

ج نمبر 2: یرد تھا۔

س نمبر 3: آپ کا ادریس نام کس وجہ سے ہوا؟

ج نمبر 3: کتب الاھیا کی کثرت درس کی وجہ سے ہوا۔

س نمبر 4: حضرت ادریس علیہ السلام پر اللہ تعالیٰ نے کتنے صحیفے نازل کیے تھے؟

ج نمبر 4: 23 صحیفے نازل کیے تھے۔

س نمبر 5: کیا حضرت ادریس علیہ السلام آسمانوں پر زندہ ہیں؟

ج نمبر 5: جی ہاں آسمانوں پر زندہ ہیں۔

س نمبر 6: سب سے پہلے قلم سے کس نبی لکھا تھا؟

ج نمبر 6: حضرت ادریس علیہ السلام نے۔

س نمبر 7: کپڑوں کو سی کر پہننے کی ابتدا کس نے کی تھی؟

ج نمبر 7: حضرت ادریس علیہ السلام نے۔

س نمبر 8: حضرت ادریس علیہ السلام کیا کام کرتے تھے؟

ج نمبر 8: حضرت ادریس علیہ السلام درزی کا کام کرتے تھے۔

س نمبر 9: سب سے پہلے ہتھیار کس نے بنایا؟

ج نمبر 9: حضرت ادریس علیہ السلام نے۔

س نمبر 10: حضرت ادریس علیہ السلام کے زمانے سے پہلے لوگ کیا پہنتے تھے؟

ج نمبر 10: کھالوں کے کپڑے اور چمڑے کا لباس

س نمبر 11: حضرت ادریس علیہ السلام کہاں پیدا ہوئے؟

ج نمبر 11: عراق کے اس حصے میں جہاں آج کل کوفہ ہے۔

س نمبر 12: کون سا علم حضرت ادریس علیہ السلام کے معجزات میں سے ہے؟

ج نمبر 12: علم نجوم

س نمبر 13: وہ کون سے نبی تھے جو ۷۲ بہتر زبانیں جانتے تھے؟

ج نمبر 13: حضرت ادریس علیہ السلام۔

س نمبر 14: حضرت ادریس علیہ السلام پر نازل ہونے والے صحیفے کس زبان میں تھے؟

ج نمبر 14: عبرانی زبان میں۔

س نمبر 15: حضرت ادریس علیہ السلام کا لقب کیا تھا؟

ج نمبر 15: ادرین سوم

س نمبر 16: حضرت ادریس علیہ السلام کو کتنی عمر میں زندہ اٹھایا گیا؟

ج نمبر 16: ۳۶۵ سال کی عمر میں۔

س نمبر 17: حضرت ادریس علیہ السلام کی وفات کہاں ہوئی؟

ج نمبر 17: حضرت ادریس علیہ السلام کو جنت میں انکی خواہش کے مطابق اللہ تعالی نے پہنچا دیا۔

حوالہ جات

1۔ تذکرۃ الانبیاء صفحہ نمبر 92

2۔ خزائن العرفان سورۃ مریم

3۔روح المعانی، تفسیر کبیر

4۔خزائن العرفان سورۃ مریم

5:روح المعانی 9ص نمبر 105 تفسیر کبیر 21ص نمبر 233، 9ص نمبر 105

6:روح المعانی تفسیر کبیر 21ص نمبر 233

7:تفسیر عزیزی

8:روح المعانی9ص نمبر 105 تفسیر کبیر 21ص نمبر 233

9:روح المعانی9ص نمبر 105 تفسیر کبیر 21ص نمبر 233

10 تذکرۃ الانبیاء ص نمبر 92

حضرت نوح علیہ السلام

س نمبر 1: حضرت نوح علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 1: آپ کے والد کا نام "لمک" تھا یا "لامک"۔

س نمبر 2: حضرت نوح علیہ السلام کون سے نبی کی اولاد میں سے تھے؟

ج نمبر 2: حضرت ادریس علیہ السلام

س نمبر 3: حضرت نوح علیہ السلام کی عمر کیا تھی؟

ج نمبر 3: صحیح قول کے مطابق ایک ہزار دو سو چالیس سال (1240) تھی۔

س نمبر 4: حضرت نوح علیہ السلام نے کتنے سال تبلیغ فرمائی تھی؟

ج نمبر 4: 950 سال

س نمبر 5: حضرت نوح علیہ السلام کی تبلیغ پر کتنے لوگ ایمان لائے تھے؟

ج نمبر 5: 80 لوگ ایمان لائے تھے۔ 40 مرد، 40 عورتیں

س نمبر 6: کشتی کتنی منزلہ تھی؟

ج نمبر 6: تین منزلہ تھی۔

س نمبر 7: حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کی لمبائی اور چوڑائی کیا تھی؟

ج نمبر 7: کشتی کی لمبائی 300 ذراع، 450 فٹ اور چوڑائی 50 ذراع، 75 فٹ

س نمبر 8: کشتی کو دیکھ کر کافر لوگ ہنسنے لگے تو اس کا جواب حضرت نوح علیہ السلام نے کیا دیا تھا؟

ج نمبر 8: فرمایا اگر تم ہنستے ہو ہم پر پس ہنسیں گے ہم تم پر جیسا کہ تم ہنستے ہو۔

س نمبر 9: کیا حضرت نوح علیہ السلام کے سارے بیٹے مسلمان تھے؟

ج

نمبر9: ایک بیٹا کافر تھا جس کا نام ''کنعان'' تھا۔

س نمبر10: حضرت نوح علیہ السلام کی کون کون سی اولاد سے آگے نسل بڑھی؟

ج نمبر10: سام ،حام، یافت

س نمبر11: حضرت نوح علیہ السلام کی کافرہ بیوی کا کیا نام تھا؟

ج نمبر11: والھتہ

س نمبر12: سب سے پہلے رسول کون تھے؟

ج نمبر12 حضرت نوح علیہ السلام۔

س نمبر13: حضرت نوح علیہ السلام کی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج نمبر13: سخابنت انوش

س نمبر14: سب سے پہلے کشتی کس انسان نے بنائی تھی؟

ج نمبر14: حضرت نوح علیہ السلام نے

س نمبر15: حضرت نوح علیہ السلام کہاں دفن ہیں؟

ج نمبر15: لبنان یا ملک شام میں۔

حوالہ جات

1۔ مدارج پ8 ع15 زیر آیت لقد ارسلنا۔نوح

2۔ مدارج پ8 ع15 زیر آیت لقد ارسلنا۔نوح

3۔ صاوی پ8۔ زیر آیت لقد ارسلنا۔نوح حاشیہ جلالین

4۔ قرآن پاک سورۃ عنکبوت

5۔ تفسیر روح المعانی

6۔تفسیر

عزیزی

7۔تفسیر کبیر۔ج۔17۔ص نمبر۔223

8۔تفسیر کبیر۔ج۔17۔ص نمبر۔223

9۔قرآن پاک،پ،12

10۔تفسیر کبیر۔ج۔17۔ص نمبر۔222

11۔تفسیر کبیر۔ج17۔ص نمبر222

12۔روح المعانی۔ج۔14۔ص نمبر192.

حضرت ھود علیہ السلام

س نمبر 1: حضرت ھود علیہ السلام کون سے قبیلے سے تھے؟

ج نمبر 1: حضرت ھود علیہ السلام ''عاد'' قبیلے سے تھے۔

س نمبر 2: حضرت ھود علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 2: آپ کے والد کا نام ''عبداللہ'' تھا یا ''سلخ''

س نمبر 3: حضرت ھود علیہ السلام کے قبیلے کو کون سا قبیلہ کہا جاتا ہے؟

ج نمبر 3: اس قبیلے کو ''عاد'' ''اولیٰ'' کہتے ہیں۔

س نمبر 4: حضرت ھود علیہ السلام کی قوم کو قوم عاد کیوں کہتے ہیں؟

ج نمبر 4: حضرت نوح علیہ السلام کی اولاد میں سے ایک شخص کا نام عاد تھا اس سے منسوب قوم کو قوم عاد کہتے ہیں۔

س نمبر 5: حضرت ھود علیہ السلام کون سا کام کرتے تھے؟

ج نمبر 5: تجارت کا کام کرتے تھے۔

س نمبر 6: حضرت ھود علیہ السلام کی قوم کے قد کتنے لمبے ہوتے تھے؟

ج نمبر 6: 60 ذراع، 90 فٹ 100 ذراع 150 فٹ

س نمبر 7: حضرت ھود علیہ السلام کی قوم کون سے بتوں کی پوجہ کرتی تھی؟۔

ج نمبر 7: تین بتوں کی پوجہ کرتی تھی نام یہ ہیں۔ صداء ، صعود، ھباء

س نمبر 8: حضرت ھود علیہ السلام کی قوم پر کون سا عذاب آیا تھا؟

ج نمبر 8: سخت آندھی، اور گرج

س نمبر 9: حضرت ھودعلیہ السلام کی قوم پر کتنے دن اور کتنی راتیں عذاب آیا تھا؟

ج نمبر 9: سات راتیں اور آٹھ دن

س نمبر 10: حضرت ھودعلیہ السلام کی قوم پر جوعذاب آیا تھا اور اس سے کون کون محفوظ رہا؟

ج نمبر 10: حضرت ھودعلیہ السلام اور آپ کے ماننے والے۔

س نمبر 11: حضرت ھودعلیہ السلام کا اصل نام کیا تھا؟

ج نمبر 11: عبر

س نمبر 12: حضرت ھودعلیہ السلام کون سے علاقے میں رہتے تھے؟

ج نمبر 12: "احقاف" میں

س نمبر 13: حضرت ھودعلیہ السلام پر کتنے افراد ایمان لائے؟

ج نمبر 13: ستر افراد (70)

س نمبر 14: حضرت ھودعلیہ السلام نے کتنا عرصہ قوم عاد کو تبلیغ کی؟

ج نمبر 14: پچاس سال (50)

س نمبر 15: حضرت ھودعلیہ السلام کہاں دفن ہیں؟۔

ج نمبر 15: جامع دمشق، شام

حوالہ جات

1۔صاوی علی الجلالین ص نمبر 184، جمل حاشیہ جلالین۔ص نمبر۔135

2۔صاوی علی الجلالین ص نمبر 184، جمل حاشیہ جلالین۔ص نمبر۔135

3۔صاوی علی الجلالین ص 184 نمبر، جمل حاشیہ جلالین۔ص نمبر۔135

4۔صاوی علی الجلالین ص نمبر 184، جمل حاشیہ جلالین۔ص نمبر۔135

5۔تفسیر عزیزی

6۔جلالین۔ص نمبر۔398۔تفسیر صاوی علی الجلالین

7۔تذکرۃ الانبیاء۔ص نمبر۔298

8۔پ۔29۔سورۃ الحاقہ آیت نمبر 68

9۔پ۔29۔سورۃ الحاقہ آیت نمبر 68

10۔پ۔12۔سورۃ ھود

حضرت ابراہیم علیہ السلام

س نمبر 1: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 1: آپ کے والد کا نام "تارخ" تھا۔

س نمبر 2: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دادا کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 2: آپ کے دادا کا نام "ناخور" تھا۔

س نمبر 3: حضرت ابراہیم علیہ السلام کون سے شہر میں پیدا ہوئے؟

ج نمبر 3: بابل شہر کے قریب قصبہ "کونی" میں پیدا ہوئے۔

س نمبر 4: مقام ابراہیم کہاں واقع ہے؟

ج نمبر 4: مکہ مکرمہ میں

س نمبر 5: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی پہلی بیوی کا نام کیا تھا؟

ج نمبر 5: حضرت سارہ تھا۔

س نمبر 6: حضرت سارہ کس کی بیٹی تھیں؟

ج نمبر 6: حضرت سارہ آپ کے چچا هارون کی بیٹی تھیں

س نمبر 7: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دوسری بیوی کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 7: حضرت حاجرہ

س نمبر 8: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی پہلی بیوی سے کون سا بیٹا پیدا ہوا تھا؟

ج نمبر 8: حضرت اسحاق علیہ السلام

س نمبر 9: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دوسری بیوی سے کون سا بیٹا پیدا ہوا تھا؟

ج نمبر 9: حضرت اسماعیل علیہ السلام

س نمبر 10: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کون سے بیٹے کی قربانی دی تھی؟

ج نمبر 10: حضرت اسماعیل علیہ السلام

س نمبر 11: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دور میں کون سا بادشاہ تھا؟

ج نمبر 11: نمرود

س نمبر 12: نمرود کی پوری عمر کیا تھی؟

ج نمبر 12: 800 برس تھی۔

س نمبر 13: نمرود کے والد کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 13: نمرود کے والد کا نام ''کنعان'' تھا۔

س نمبر 14: حضرت ابراہیم علیہ السلام کا لقب کیا تھا؟

ج نمبر 14: ''خلیل اللہ''

س نمبر 15: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 15: فنلی یا اوفی بنت نمر

س نمبر 16: حضرت سارہ کو کہاں دفن کیا گیا ہے؟

ج نمبر 16: جبرون (ہبرون) میں جو فلسطین کا ایک مشہور شہر ہے۔

س نمبر 17: حضرت ابراہیم علیہ السلام کا مزار شریف کہاں ہے؟

ج نمبر 17: الخلیل (بیت المقدس کے قریب)

حوالہ جات

1۔ تفسیر حقانی

2۔ تفسیر حقانی

3۔ تفسیر حقانی

4۔تبیان۔ص نمبر۔224

5۔تفسیر عزیزی

6۔تذکرۃ الانبیاء

7۔تفسیر عزیزی

8۔پ۔12۔سورۃ ھود آیت نمبر۔81

9۔پ۔23۔سورۃ صفت آیت نمبر۔100

10۔تفسیر کبیر

11۔تفسیر کبیر،روح المعانی۔خازن روح البیان

13۔تفسیر کبیر،روح المعانی۔خازن،روح البیان

حضرت اسماعیل علیہ السلام

س نمبر 1: حضرت اسماعیل علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 1: حضرت ابراہیم علیہ السلام

س نمبر 2: حضرت اسماعیل علیہ السلام کی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 2: حضرت حاجرہ

س نمبر 3: حضرت حاجرہ کس کی بیٹی تھیں؟

ج نمبر 3: حضرت حاجرہ علوان بن سان، روم کے بادشاہ کی بیٹی تھیں۔

س نمبر 4: قربانی کے وقت حضرت اسماعیل علیہ السلام کی عمر کیا تھی؟

ج نمبر 4: 13 سال

س نمبر 5: ذبیح اللہ کونسے نبی کا لقب ہے؟

ج نمبر 5: حضرت اسماعیل علیہ السلام کا

س نمبر 6: آبِ زم زم کون سے نبی کا معجزہ ہے؟

ج نمبر 6: حضرت اسماعیل علیہ السلام کا

س نمبر 7: حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خواب میں کون سے بچے کی قربانی کے لیے کہا گیا؟

ج نمبر 7: حضرت اسماعیل علیہ السلام

س نمبر 8: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کون سے بچے کو وادیِ مکہ میں چھوڑا تھا؟

ج نمبر 8: حضرت اسماعیل علیہ السلام کو

س نمبر 9: حضرت اسماعیل علیہ السلام کا ختنہ کس نے کیا؟

ج نمبر 9: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے

س نمبر 10: خانہ کعبہ کے پہلے متولی کون تھے؟

ج نمبر 10: حضرت اسماعیل علیہ السلام

س نمبر 11: حضرت اسماعیل علیہ السلام کون سے شہر میں پیدا ہوئے؟

ج نمبر 11: کنعان (ملک شام میں)

س نمبر 12: حضرت اسماعیل علیہ السلام کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج نمبر 12: حضرت ہاجرہ کے پہلو میں، مطابق کعبہ میں دفن کیا گیا۔

س نمبر 13: حضرت اسماعیل علیہ السلام نے کتنے سال کی عمر میں وفات پائی؟

ج نمبر 13: ۱۳۷ سال

حوالہ جات

1۔ تفسیر حقانی

2۔ تفسیر حقانی، تفسیر عزیزی

3۔ تفسیر نعیمی

4۔ تفسیر کبیر

5۔ روح المعانی

6۔ روح المعانی۔ 8۔ حصہ 2، ص نمبر 236-238

7۔ تفسیر کبیر

8۔ تفسیر جمل زیر آیت، ربنا انی اسکنت من ذریتی۔ پ۔ 13

حضرت اسحاق علیہ السلام

س نمبر 1: حضرت اسحاق علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 1: حضرت ابراہیم علیہ السلام

س نمبر 2: حضرت اسحاق علیہ السلام کی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 2: حضرت سارہ

س نمبر 3: حضرت اسحاق علیہ السلام جب پیدا ہوئے تو اس وقت حضرت سارہ کی عمر کیا تھی؟

ج نمبر 3: 90 سال، تفسیر جلالین 99 سال

س نمبر 4: حضرت اسحاق علیہ السلام جب پیدا ہوئے تو اس وقت حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عمر کیا تھی؟

ج نمبر 4: (120) سال

س نمبر 5: حضرت یعقوب کون سے نبی کے بیٹے تھے؟

ج نمبر 5: حضرت اسحاق علیہ السلام کے

س نمبر 6: آپ کی والدہ محترمہ کا انتقال کہاں ہوا تھا؟

ج نمبر 6: ''جبروں'' میں

س نمبر 7: آپ کے دوسرے بیٹے کا نام کیا تھا؟

ج نمبر 7: ''عیص''

س نمبر 8: حضرت اسحاق علیہ السلام کتنے دن کے تھے جب آپ کا ختنہ ہوا؟

ج نمبر 8: (8) دن کے تھے۔

س نمبر 9: حضرت اسحاق علیہ السلام کہاں پیدا ہوئے؟

ج نمبر 9: ملک ''شام'' میں

س نمبر 10: حضرت اسحاق علیہ السلام کا ختنہ کس نے کیا تھا؟

ج نمبر 10: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے

س نمبر 11: مسجد اقصیٰ کی بنیاد کس نبی نے رکھی تھی؟

ج نمبر 11: حضرت اسحاق علیہ السلام نے

س نمبر 12: جب آپ کی والدہ کا انتقال ہوا تو اس وقت آپ کی عمر کیا تھی؟

ج نمبر 12: (37) سال

س نمبر 13: حضرت اسحاق علیہ السلام کہاں دفن ہیں؟

ج نمبر 13: حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت سارہ کے پہلو میں۔

حوالہ جات

1۔ تفسیر حقائی

2۔ تفسیر عزیزی، تفسیر حقائی

3۔ تفسیر جلالین

4۔ موودرک

5۔ پ۔ 12۔ سورت ہود آیت نمبر۔ 18 خزائن العرفان

6۔ خزائن لعرفان

7۔ خزائن العرفان

حضرت یعقوب علیہ السلام

س نمبر 1: حضرت یعقوب علیہ السلام کون سے نبی کے بیٹے تھے؟

ج نمبر 1: حضرت اسحاق علیہ السلام کے

س نمبر 2: حضرت یعقوب علیہ السلام کے دادا کا نام کیا تھا؟

ج نمبر 2: حضرت ابراہیم علیہ السلام

س نمبر 3: کون سے نبی کی اولاد کو بنی اسرائیل کہا جاتا ہے؟

ج نمبر 3: حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد کو

س نمبر 4: حضرت یعقوب علیہ السلام کی شریعت میں چور کو مال کے بدلے میں کیا بنایا جاتا تھا؟

ج نمبر 4: غلام

س نمبر 5: حضرت یعقوب علیہ السلام کی بینائی کیوں ختم ہو گئی تھی؟

ج نمبر 5: حضرت یوسف علیہ السلام کی جدائی کی وجہ سے

س نمبر 6: حضرت یعقوب علیہ السلام کی بینائی کیسے واپس آئی؟

ج نمبر 6: حضرت یوسف علیہ السلام کا کرتا ڈالنے سے

س نمبر 7: حضرت یعقوب علیہ السلام کے پاس قمیض لانے والا کون تھا؟

ج نمبر 7: آپ کا بیٹا یہود

س نمبر 8: جب حضرت یعقوب علیہ السلام نے حضرت یوسف علیہ السلام سے مصر میں ملاقات کی تو وہ کون سا دن تھا؟

ج نمبر 8: ۱۰ محرم کا دن تھا۔

س نمبر 9: مصر میں حضرت یعقوب علیہ السلام کتنا عرصہ مقیم رہے؟

ج نمبر 9: 24 سال رہے

س نمبر 10: حضرت یعقوب علیہ السلام کی مکمل عمر کیا تھی؟

ج نمبر 10: 145 سال تھی۔

س نمبر 11: حضرت یعقوب علیہ السلام کو کہاں دفن کیا گیا تھا؟

ج نمبر 11: ملک شام میں حضرت اسحاق علیہ السلام کے پہلو میں اور حضرت سارہ اور حضرت ربقہ کے پہلو میں دفن کیا گیا۔

س نمبر 12: حضرت یعقوب علیہ السلام کی والدہ محترمہ کا نام کیا تھا؟

ج نمبر 12: ''ربقہ''

س نمبر 13: حضرت یعقوب علیہ السلام کی دادی کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 13: ''حضرت سارہ''

س نمبر 14: حضرت یعقوب علیہ السلام نے کہاں وفات پائی؟

ج نمبر 14: مصر میں

س نمبر 15: حضرت یعقوب علیہ السلام سے کونسے قبیلے کی ابتداء ہوئی؟۔

ج نمبر 15: بنی اسرائیل کے قبیلے کی۔

حوالہ جات

1۔ تذکرۃ الانبیاء۔ ص نمبر۔ 195 　 2۔ تذکرۃ الانبیاء۔ ص نمبر۔ 195

3۔ روح المعانی تفسیر قرطبی 　 4۔ تفسیر کبیر 　 5۔ تفسیر کبیر

6۔ روح المعانی 　 7۔ روح المعانی

8۔ تفسیر کبیر روح المعانی، خزائن العرفان

9۔ تفسیر کبیر 　 10۔ خزائن العرفان 　 11۔ تفسیر کبیر

حضرت یوسف علیہ السلام

س نمبر 1: قرآن پاک میں کسی نبی کے قصے کو "احسن القصص" کہا گیا ہے؟

ج نمبر 1: حضرت یوسف علیہ السلام کے قصے کو

س نمبر 2: حضرت یوسف علیہ السلام کون سے نبی کے بیٹے تھے؟

ج نمبر 2: حضرت یعقوب علیہ السلام کے

س نمبر 3: حضرت یوسف علیہ السلام کی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 3: حضرت راحیلہ

س نمبر 4: حضرت یوسف علیہ السلام کے دادا کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 4: حضرت اسحاق علیہ السلام

س نمبر 5: حضرت یعقوب حضرت یوسف اور بنیامین سے کیوں زیادہ محبت کرتے تھے؟

ج نمبر 5: اس لیے کہ حضرت یوسف علیہ السلام کی والدہ بنیامین کی پیدائش کے 40 دن بعد وفات پا گئی تھی۔

س نمبر 6: حضرت یوسف علیہ السلام کے کتنے بیٹے تھے؟

ج نمبر 6: دو بیٹے تھے ایک کا نام افرائیم اور دوسرے کا نام منیشا تھا

س نمبر 7: حضرت یوسف علیہ السلام کے سگے بھائی کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 7: بنیامین

س نمبر 8: حضرت یوسف علیہ السلام کو اُن کے سوتیلے بھائیوں نے جو سجدہ کیا تھا وہ کون سا سجدہ تھا؟

ج نمبر 8: سجدہ تعظیمی تھا

س نمبر 9: حضرت یوسف علیہ السلام کے سوتیلے بھائیوں میں سے سب سے بڑے بھائی کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 9: یہودا

س نمبر 10: جس شخص نے مصر میں حضرت یوسف علیہ السلام کو خریدا تھا وہ کون تھا؟

ج نمبر 10: وہ مصر کا وزیر خزانہ تھا

س نمبر 11: مصر کے بادشاہ کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 11: ''الریان بن الولید'' تھا

س نمبر 12: عزیز مصر نے جب آپ کو خریدا اس وقت آپ کی عمر کیا تھی؟

ج نمبر 12: (17) سال تھی۔

س نمبر 13: جس شخص نے حضرت یوسف علیہ السلام کو خریدا تھا اُس کا نام کیا تھا؟

ج نمبر 13: ''قطفیر یا اطفیر'' تھا

س نمبر 14: کیا مصر کا بادشاہ حضرت یوسف علیہ السلام پر ایمان لے آیا تھا؟

ج نمبر 14: جی ہاں حضرت یوسف علیہ السلام پر ایمان لے آیا تھا۔

س نمبر 15: مصر میں جو عورت حضرت یوسف علیہ السلام پر عاشق ہوئی تھی اس کا نام کیا تھا؟

ج نمبر 15: ''حضرت زلیخا کا اصل نام ''راعیل'' تھا

س نمبر 16: حضرت یوسف علیہ السلام کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج نمبر 16: دریائے نیل کے درمیان بعد میں شام میں

س نمبر 17: حضرت زلیخا کس کی بیٹی تھی؟

ج نمبر 17: فوطی فرع

س نمبر 18: حضرت یوسف علیہ السلام کی دادی کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 18: حضرت سارہ

س نمبر 19: حضرت یعقوب علیہ السلام کی بینائی کیوں ختم ہوئی تھی؟

ج نمبر 19: حضرت یوسف علیہ السلام کے غم میں

س نمبر 20: حضرت یعقوب علیہ السلام کی بینائی کیسے صحیح ہوئی تھی؟

ج نمبر 20: حضرت یوسف علیہ السلام کا کرتا مبارک آنکھوں پر ڈالنے سے

س نمبر 21: حضرت یوسف علیہ السلام کی مکمل عمر کیا تھی؟

ج نمبر 21: 110 سال

حوالہ جات

1۔ قرآن پاک، سورۃ یوسف

2۔ تذکرہ الانبیاء۔ ص نمبر۔ 195

3۔ تذکرہ الانبیاء۔ ص نمبر۔ 195

4۔ تذکرہ الانبیاء۔ ص نمبر۔ 195

5۔ تذکرہ الانبیاء۔ ص نمبر۔ 195

6۔ تفسیر کبیر 7۔ روح المعانی

8۔ تفسیر کبیر۔ ج۔ 26۔ ص نمبر۔ 158

9۔ روح المعانی 10۔ تفسیر کبیر

11۔ تفسیر کبیر 12۔ تفسیر کبیر

13۔ تفسیر کبیر 14۔ تفسیر کبیر

15۔ صاوی علی الجلالین

16۔ خطیب۔ و۔ موارخ

حضرت لوط علیہ السلام

س نمبر 1: حضرت لوط علیہ السلام نے جس شہر میں تبلیغ کی اس کا نام کیا تھا؟

ج نمبر 1: سندوم اور عربی میں الموتفکہ

س نمبر 2: حضرت لوط علیہ السلام کون سے نبی کے خاندان میں سے تھے؟

ج نمبر 2: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے

ج نمبر 3: حضرت لوط علیہ السلام کی قوم میں سب سے بڑی برائی کون سے تھی؟

ج نمبر 3: ''ہم'' جنس سے بدفعل کرنا

س نمبر 4: حضرت لوط علیہ السلام کی بیوی کافرہ تھی یا مومنہ؟

ج نمبر 4: کافرہ تھی

س نمبر 5: حضرت لوط علیہ السلام کی بیوی کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 5: ''واھلہ

س نمبر 6: حضرت لوط علیہ السلام کی کتنی بیٹیاں تھیں؟

ج نمبر 6: دو بیٹیاں تھیں جن کا نام ''زنتا'' ''زعولاء'' تھا

س نمبر 7: حضرت لوط علیہ السلام کہاں پیدا ہوئے؟

ج نمبر 7: عراق کے شہر ''اُر'' میں

س نمبر 8: حضرت لوط علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 8: ''حاران''

س نمبر 9: حضرت لوط علیہ السلام کے دادا کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 9: ''تارح''

س نمبر 10: حضرت لوط علیہ السلام کی کتنی بہنیں تھیں؟

ج نمبر 10: ''دو''

س نمبر 11: حضرت لوط علیہ السلام کی بہنوں کے نام کیا تھے؟

ج نمبر 11: ملکاہ اور اسکاہ

س نمبر 12: حضرت لوط علیہ السلام کے بیٹے کے کیا نام تھے؟

ج نمبر 12: حواب اور عمون۔

حوالہ جات

1۔روح المعانی۔ج۔11۔حصہ اول۔ص نمبر۔152

2۔روح المعانی۔ج۔11۔حصہ اول۔ص نمبر۔152

3۔پ۔20۔سورۃ عنکبوت آیت نمبر۔29

4۔روح المعانی۔ج۔8۔حصہ اول۔ص نمبر۔113

5۔تذکرۃ الانبیاء۔ص نمبر۔185

6۔تفسیر کبیر

حضرت صالح علیہ السلام

س نمبر 1: حضرت صالح علیہ السلام کی کل عمر کیا تھی؟

ج نمبر 1: (280) سال تھی۔

س نمبر 2: حضرت صالح علیہ السلام کو کون سی قوم کی طرف نبی بنا کر بھیجا گیا؟

ج نمبر 2: قوم ثمود کی طرف

س نمبر 3: حضرت صالح علیہ السلام کی قوم کو قوم ثمود کیوں کہتے ہیں؟

ج نمبر 3: ثمود ایک شخص کا نام تھا اس کی طرف منسوب کر کے اس قوم کو قوم ثمود کہتے ہیں۔

س نمبر 4: ثمود کس کی اولاد میں سے تھے؟

ج نمبر 4: حضرت نوح علیہ السلام کی اولاد میں سے تھے

س نمبر 5: حضرت صالح علیہ السلام کیا کام کرتے تھے؟

ج نمبر 5: تجارت کا

س نمبر 6: جس پتھر سے حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی پیدا ہوئی اس کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 6: پتھر کا نام ''فید'' تھا

س نمبر 7: حضرت صالح علیہ السلام کے معجزات میں سے کوئی ایک معجزہ بتائیں؟

ج نمبر 7: پتھر سے اونٹنی کو پیدا کرنا۔

س نمبر 8: کیا اونٹنی نے بچہ جنا؟

ج نمبر 8: جی ہاں اونٹنی نے بچہ دیا۔

س نمبر 9: کیا اونٹنی دودھ دیتی تھی؟

ج نمبر 9: جی ہاں اونٹنی بہت دودھ دیتی تھی

س نمبر 10: جس شخص نے اونٹنی کی کوچین کاٹی تھی اُس کا نام کیا تھا؟

ج نمبر 10: اس کا نام "قدار بن سالف" تھا۔

س نمبر 11: کیا حضرت صالح علیہ السلام پر جو لوگ ایمان لائے وہ محفوظ رہے یا نہیں؟

ج نمبر 11: اللہ تعالیٰ نے ان کو عذاب سے محفوظ رکھا۔

س نمبر 12: حضرت صالح علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 12: "عبید"

س نمبر 13: وہ کون سے نبی ہیں جو ساری عمر ننگے پاؤں چلتے پھرتے رہے؟

ج نمبر 13: حضرت صالح علیہ السلام

س نمبر 14: حضرت صالح علیہ السلام کا وصال کہاں ہوا؟

ج نمبر 14: مکۃ المکرمہ میں

س نمبر 15: قوم ثمود کی زبان کیا تھی؟

ج نمبر 15: عربی

حوالہ جات

1۔ حاشیہ جلالین۔ ص نمبر۔ 314

(2) روح البیان۔ حاشیہ۔ جلالین۔ ص نمبر۔ 184

3۔ روح البیان۔ حاشیہ۔ جلالین۔ ص نمبر۔ 184

4۔ روح البیان۔ حاشیہ۔ جلالین۔ ص نمبر۔ 184

5۔ تفسیر عزیزی

(6) حاشیہ جلالین۔ ص نمبر۔ 136

7۔ پ۔ 19۔ سورۃ شعراء آیت نمبر 154-156

8۔ حاشیہ جلالین۔ ص نمبر۔ 136

(9) حاشیہ جلالین۔ ص نمبر۔ 136

10۔ مدارج التنزیل۔ ص نمبر۔ 343

(11) پ۔ 12۔ سورۃ ھود

حضرت ایوب علیہ السلام

س نمبر 1: حضرت ایوب علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 1: "انوص" تھا

س نمبر 2: حضرت ایوب علیہ السلام کس کی اولاد میں سے تھے؟

ج نمبر 2: "عیص" کی اولاد میں سے

س نمبر 3: حضرت ایوب علیہ السلام کی اولاد کتنی تھی؟

ج نمبر 3: آپ کی اولاد میں سات بیٹے اور سات بیٹیاں تھیں۔

س نمبر 4: حضرت ایوب علیہ السلام کی بیوی کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 4: رحمتہ بنت افرائیم

س نمبر 5: کون سے نبی ہیں جن کا صبر مشہور ہے؟

ج نمبر 5: حضرت ایوب علیہ السلام

س نمبر 6: حضرت ایوب علیہ السلام کے معجزات میں سے کوئی ایک معجزہ بتائیں؟

ج نمبر 6: زمین پر پاؤں مبارک مار کر چشمہ جاری کرنا

س نمبر 7: حضرت ایوب علیہ السلام نے اپنی قسم کو کیسے پورا کیا تھا؟

ج نمبر 7: جھاڑو مار کر اپنی قسم کو پورا کیا تھا۔

س نمبر 8: کیا حضرت ایوب علیہ السلام کی بیوی حضرت یوسف علیہ السلام کی اولاد میں سے تھیں؟

ج نمبر 8: جی ہاں وہ حضرت یوسف کی پوتی تھیں۔

س نمبر 9: حضرت ایوب علیہ السلام کے دادا کا کیا نام تھا؟

ج نمبر9: عیص دوم

س نمبر10: حضرت ایوب علیہ السلام کی دادی کا کیا نام تھا؟

ج نمبر10: شامہ یا محلاۃ

س نمبر11: حضرت ایوب علیہ السلام کی مکمل عمر کیا تھی؟

ج نمبر11: (140) سال

حوالہ جات

1۔روح المعانی۔ج۔9۔حصہ۔2۔ص نمبر۔80

2۔روح المعانی۔ج۔9۔حصہ۔2۔ص نمبر۔80

3۔روح المعانی۔ج۔9۔حصہ۔2۔ص نمبر۔80

4۔روح المعانی۔ج۔9۔حصہ۔2۔ص نمبر۔80

5۔پ۔23۔سورۃ۔ص آیت نمبر۔44

6۔پ۔23۔سورۃ۔ص آیت نمبر۔42

7۔پ۔[illegible]۔ص آیت نمبر۔44

8۔روح المعانی 9۔حصہ 2۔ص نمبر۔80

حضرت ذوالکفل علیہ السلام

س نمبر 1: حضرت ذوالکفل علیہ السلام کا اصل نام کیا تھا؟

ج نمبر 1: اصل نام بشریا شرف تھا

س نمبر 2: حضرت ذوالکفل علیہ السلام کون سے نبی کے بیٹے ہیں؟

ج نمبر 2: حضرت ایوب علیہ السلام کے

س نمبر 3: حضرت ذوالکفل علیہ السلام کو ذوالکفل کیوں کہا جاتا ہے؟

ج نمبر 3: اس وجہ سے آپ یتیموں اور غریبوں، عورتوں پر رحم فرماتے تھے

س نمبر 4: حضرت ذوالکفل علیہ السلام کون سے نبی کے بعد نبی بنا کر بھیجے گئے؟

ج نمبر 4: حضرت ایوب علیہ السلام کے بعد

س نمبر 5: آپ تمام عمر کون سے علاقے میں رہے؟

ج نمبر 5: شام میں

س نمبر 6: حضرت ذوالکفل علیہ السلام نے اپنے بیٹے کو کون سی وصیت کی تھی۔

ج نمبر 6: نیک اعمال کو قائم رکھنا اور لوگوں کو نیک اعمال کی ترغیب دیتے رہنا

س نمبر 7: حضرت ذوالکفل علیہ السلام کے بیٹے کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 7: ”عبداق“ تھا

س نمبر 8: حضرت ذوالکفل علیہ السلام کی جب وفات ہوئی تو اس وقت آپ کی عمر کیا تھی؟

ج نمبر 8: (75) سال تھی

س نمبر 9: حضرت ذوالکفل علیہ السلام کا تعلق کون سے نبی کے خاندان سے تھا؟

ج نمبر 9: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے

س نمبر 10: حضرت ذوالکفل علیہ السلام کا ذکر قرآن پاک کی کونسی صورتوں میں آیا ہے؟

ج نمبر 10: سورۃ انبیاء اور سورۃ ص

حوالہ جات

1۔روح المعانی۔ج۔29۔حصہ دوئم۔ص نمبر۔82

2۔روح المعانی۔ج۔29۔حصہ دوئم۔ص نمبر۔82

3۔روح المعانی۔ج۔29۔حصہ دوئم۔ص نمبر۔82

4۔روح المعانی۔ج۔29۔حصہ دوئم۔ص نمبر۔82

5۔روح المعانی۔ج۔29۔حصہ دوئم۔ص نمبر۔82

6۔روح المعانی۔ج۔29۔حصہ دوئم۔ص نمبر۔82

7۔روح المعانی۔ج۔29۔حصہ دوئم۔ص نمبر۔82

8۔روح المعانی۔ج۔29۔حصہ دوئم۔ص نمبر۔82

حضرت یسع علیہ السلام

س نمبر 1: حضرت یسع علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے نبوت عطاء فرمائی تھی یا نہیں؟

ج نمبر 1: حضرت یسع علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے نبوت بھی عطاء فرمائی تھی اور بادشاہت بھی

س نمبر 2: حضرت یسع علیہ السلام دن کو کیا کرتے تھے اور رات کو کیا کرتے تھے؟

ج نمبر 2: حضرت یسع علیہ السلام دن کو روزہ رکھتے تھے اور رات کو قیام کرتے تھے۔

س نمبر 3: کیا حضرت یسع علیہ السلام کا کوئی جانشین بنا تھا؟

ج نمبر 3: جی ہاں ایک نوجوان جانشین بنا تھا

س نمبر 4: آپ نے اپنے جانشین سے کتنی باتوں کی ضمانت لی تھی؟

ج نمبر 4: تین باتوں کی (1) تمام رات عبادت میں گزارنا سونا نہیں (2) ہر روز دن کو روزہ رکھنا (3) غصے کی حالت میں کوئی فیصلہ نہیں کرنا

س نمبر 5: حضرت یسع علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 5: ساقط

س نمبر 6: حضرت یسع علیہ السلام کہاں رہتے تھے؟

ج نمبر 6: ابیل محلولہ (دمشق کے قریب)

س نمبر 7: حضرت یسع علیہ السلام کا پیشہ کیا تھا؟

ج نمبر 7: زراعت کا

س نمبر 8: حضرت یسع علیہ السلام کے زمانے میں بنی اسرائیل پر کس کی حکومت تھی؟

ج نمبر 8: یورام (قدیم شام)

حوالہ جات

1۔روح المعانی۔ج۔9۔حصہ دوئم۔ص نمبر۔82
2۔روح المعانی۔ج۔9۔حصہ دوئم۔ص نمبر۔82
3۔روح المعانی۔ج۔9۔حصہ دوئم۔ص نمبر۔82
4۔روح المعانی۔ج۔9۔حصہ دوئم۔ص نمبر۔82

حضرت الیاس علیہ السلام

س نمبر 1: حضرت الیاس علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے نبی تھے؟

ج نمبر 1: جی ہاں حضرت الیاس علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے نبی تھے

س نمبر 2: حضرت الیاس علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 2: یاسین

س نمبر 3: حضرت الیاس علیہ السلام کون سے نبی کی اولاد میں سے ہیں؟

ج نمبر 3: حضرت ہارون علیہ السلام کی اولاد میں سے ہیں

س نمبر 4: حضرت الیاس علیہ السلام کی قوم کون سے بت کی پوجا کرتی تھی؟

ج نمبر 4: بعل کی، بت کا نام ''بعل'' تھا

س نمبر 5: یمن کی لغت میں ''بعل'' کا کیا معنی ہے؟

ج نمبر 5: ''بعل'' کا معنی ربّ ہے

س نمبر 6: بعل بت کی لمبائی کتنی تھی؟

ج نمبر 6: (30) فٹ تھی

س نمبر 7: کیا حضرت الیاس علیہ السلام کی ملاقات حضرت خضر علیہ السلام سے ہوئی تھی؟

ج نمبر 7: جی ہاں ہر سال حج کے موقع پر ہوتی تھی

س نمبر 8: حضرت الیاس علیہ السلام کون سے علاقے میں رہائش پذیر تھے؟

ج نمبر 8: ''جلعاد'' کے علاقہ میں

س نمبر 9: جس وقت حضرت الیاس علیہ السلام کی حضرت یسع علیہ السلام سے ملاقات ہوئی وہ کیا کر رہے تھے؟

ج نمبر 9: بارہ بیلوں سے کھیت جوت رہے تھے

س نمبر 10: حضرت الیاس علیہ السلام کے دور میں بنی اسرائیل کا حکمران کون تھا؟

ج نمبر 10: "اخی اب"

حوالہ جات

1۔ تفسیر کبیر

2۔ تذکرۃ الانبیا۔ ص نمبر۔336

3۔ تفسیر کبیر

4۔ پ۔23۔ سورۃ صفت آیت نمبر۔123-132

5۔ خزائن العرفان

6۔ خزائن العرفان

7۔ تذکرۃ الانبیاء۔ ص نمبر۔336

حضرت یونس علیہ السلام

س نمبر 1: حضرت یونس علیہ السلام کی قوم کے لوگ کہاں رہتے تھے؟

ج نمبر 1: نینوی کے علاقے ''موصل'' میں

س نمبر 2: حضرت یونس علیہ السلام نے اپنی قوم کو کتنے دن کی مہلت دی تھی؟

ج نمبر 2: مختلف قول ہیں چالیس دن یا تین دن

س نمبر 3: جب حضرت یونس علیہ السلام کی قوم کی توبہ قبول ہوئی تو وہ کون سا دن تھا؟

ج نمبر 3: عاشورہ کا دن تھا یعنی دس محرم الحرام اور جمعہ کا دن تھا

س نمبر 4: حضرت یونس علیہ السلام کو مچھلی کے پیٹ میں جانے کی وسیلے سے کیا کہا جاتا ہے؟

ج نمبر 4: ''ذوالنون'' اور ''صاحب الحوت'' کہا جاتا ہے

س نمبر 5: جب حضرت یونس علیہ السلام مچھلی کے پیٹ سے باہر آئے تو اس وقت آپ کیا تھے؟

ج نمبر 5: نومولود بچے تھے

س نمبر 6: نون اور حوت کے کیا معنی ہیں؟

ج نمبر 6: ان دونوں کا معنی مچھلی ہے۔

س نمبر 7: کون سی سبزی ہے جس کے پتوں پر مکھیاں نہیں بیٹھتی ہیں؟

ج نمبر 7: کدو شریف

س نمبر 8: حضرت یونس علیہ السلام کہاں پیدا ہوئے؟

ج نمبر 8: نینوا (موجودہ کربلا)

س نمبر 9: حضرت یونس علیہ السلام مچھلی کے پیٹ میں کتنے دن رہے؟

ج نمبر 9: مختلف اقوال میں تین دن، سات دن، ایک ماہ، چالیس دن

س نمبر 10: حضرت یونس علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 10: متیٰ

س نمبر 11: حضرت یونس علیہ السلام نے کہاں وفات پائی؟

ج نمبر 11: نینوا میں

حوالہ جات

1۔ تفسیر کبیر، روح المعانی

2۔ تفسیر کبیر، روح المعانی

3۔ تفسیر کبیر، روح المعانی

4۔ تفسیر کبیر

5۔ روح المعانی

6۔ تفسیر کبیر

7۔ روح المعانی

حضرت داؤد علیہ السلام

س نمبر 1: حضرت داؤد علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 1: "ایشا" "تھایا" "یسی"

س نمبر 2: حضرت داؤد علیہ السلام کی مکمل عمر کیا تھی؟

ج نمبر 2: ایک سو سال

س نمبر 3: حضرت داؤد علیہ السلام پر کون سی کتاب نازل ہوئی تھی؟

ج نمبر 3: زبور

س نمبر 4: حضرت داؤد علیہ السلام کے کل کتنے بیٹے تھے؟

ج نمبر 4: (19) بیٹے تھے

س نمبر 5: حضرت داؤد علیہ السلام کا کون سا بیٹا نبی تھا؟

ج نمبر 5: حضرت سلیمان علیہ السلام

س نمبر 6: کیا حضرت داؤد علیہ السلام کو نبوت اور بادشاہت دونوں ملی تھیں؟

ج نمبر 6: جی ہاں حضرت داؤد علیہ السلام کو دونوں چیزیں ملی تھیں یعنی نبوت اور بادشاہت

س نمبر 7: حضرت داؤد علیہ السلام کون سی قوم کے بادشاہ تھے؟

ج نمبر 7: بنی اسرائیل کے

س نمبر 8: کیا حضرت داؤد علیہ السلام زمین پر اللہ تعالیٰ کے نائب تھے؟

ج نمبر 8: جی ہاں حضرت داؤد علیہ السلام زمین پر اللہ تعالیٰ کے نائب تھے

س نمبر 9: ذالاید کے کیا معنی ہیں؟

ج نمبر 9: نعمتوں والا اور طاقت والا

س نمبر 10: حضرت داؤد علیہ السلام روزے کس طرح رکھتے تھے؟

ج نمبر 10: آپ ایک دن روزہ رکھتے تھے اور ایک افطار کرتے تھے

س نمبر 11: کیا پہاڑ آپ کے حکم کے تابع تھے؟

ج نمبر 11: جی ہاں پہاڑ آپ کے حکم کے تابع تھے۔

س نمبر 12: حضرت داؤد علیہ السلام کیا کام کرتے تھے؟

ج نمبر 12: حضرت داؤد علیہ السلام زرہ بنانے کا کام کرتے تھے۔

س نمبر 13: حضرت داؤد علیہ السلام کے ہاتھ میں لوہا نرم ہوتا تھا یا نہیں؟

ج نمبر 13: حضرت داؤد علیہ السلام لوہے کو ہاتھ میں لیتے تو لوہا نرم ہو جاتا تھا۔

س نمبر 14: طالوت نے اپنی بیٹی نکاح میں کس کو دی تھی؟

ج نمبر 14: حضرت داؤد علیہ السلام کو

س نمبر 15: جالوت کو کس نے قتل کیا تھا؟

ج نمبر 15: حضرت داؤد علیہ السلام نے

س نمبر 16: حضرت داؤد علیہ السلام کے کتنے بھائی تھے؟

ج نمبر 16: سات

س نمبر 17: حضرت داؤد علیہ السلام کے والد کہاں رہتے تھے؟

ج نمبر 17: بیت اللحم میں

س نمبر 18: حضرت داؤد علیہ السلام کا لقب کیا تھا؟

ج نمبر 18: نجیب اللہ

س نمبر 19: حضرت داؤد علیہ السلام بچپن میں کیا کرتے تھے؟

ج نمبر 19: گلہ بانی

س نمبر 20: حضرت داؤد علیہ السلام کی کتنی بہنیں تھیں؟

ج نمبر 20: دو (1) فرویاہ (2) ابجیل

س نمبر 21: حضرت طالوت نے کس بیٹی کی شادی حضرت داؤد علیہ السلام سے کی تھی؟

ج نمبر 21: میکل کی

س نمبر 22: حضرت داؤد علیہ السلام کا مزار کہاں ہے؟

ج نمبر 22: بیت المقدس میں

حوالہ جات

1۔ تفسیر کبیر

2۔ التخیر یلسیوطی، حاشیہ جلالین۔ ص نمبر۔ 275

3۔ تفسیر کبیر (4) تذکرۃ الانبیاء

5۔ التخیر یلسیوطی، حاشیہ جلالین۔ ص نمبر۔ 275

6۔ صاوی حاشیہ جلالین۔ ص نمبر۔ 382

7۔ روح المعانی

8۔ پ۔ 23۔ سورۃ۔ ص آیت نمبر۔ 26

9۔ پ۔ 23۔ سورۃ۔ ص آیت نمبر۔ 17

10۔ حاشیہ جلالین

11۔ پ۔ 23۔ سورۃ۔ صا آیت نمبر۔ 18-19

12۔ تفسیر عزیزی

13۔ پ۔ 23۔ سورۃ۔ ص آیت نمبر۔ 10-11 (14) تفسیر کبیر

15۔ پ۔ 2۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر۔ 251

حضرت سلیمان علیہ السلام

س نمبر 1: حضرت سلیمان علیہ السلام کون سے نبی کے بیٹے تھے؟

ج نمبر 1: حضرت داؤد علیہ السلام کے

س نمبر 2: حضرت سلیمان علیہ السلام حضرت داؤدؑ کے سب سے بڑے بیٹے تھے یا سب سے چھوٹے؟

ج نمبر 2: حضرت سلیمان علیہ السلام سب سے چھوٹے بیٹے تھے۔

س نمبر 3: حضرت داؤد علیہ السلام کے جانشین کون سے بیٹے تھے؟

ج نمبر 3: حضرت سلیمان علیہ السلام

س نمبر 4: حضرت سلیمان علیہ السلام کیا کام کرتے تھے؟

ج نمبر 4: درختوں کے پتوں سے پنکھے اور زنبیلیں بنانے کا کام کرتے تھے۔

س نمبر 5: حضرت سلیمان علیہ السلام کی کل عمر کتنی تھی؟

ج نمبر 5: (59) سال تھی

س نمبر 6: جو شخص بلقیس کا تخت لایا تھا اس کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 6: آصف بن برخیار حمتہ اللہ

س نمبر 7: کیا حضرت سلیمان علیہ السلام پرندوں کی بولی جانتے تھے؟

ج نمبر 7: جی ہاں حضرت سلیمان علیہ السلام پرندوں کی بولی جانتے تھے۔

س نمبر 8: کون سے نبی ہیں جن کے ہوا تابع تھی؟

ج نمبر 8: حضرت سلیمان علیہ السلام

س نمبر 9: حضرت سلیمان علیہ السلام نے چونٹی کی آواز کتنے میل دور سے سنی تھی؟

ج نمبر 9: (3) میل دور سے سنی تھی

س نمبر 10: چونٹیوں کی جو سردار تھی اس کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 10: طافیہ یا مندرہ تھا۔

س نمبر 11: ہدہد جو پرندوں کا سردار تھا اُس کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 11: اس کا نام ''یعقوذ'' تھا

س نمبر 12: حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس ملک صباء سے جو ملکہ آئی تھیں اُن کا نام کیا تھا؟

ج نمبر 12: اس کا نام بلقیس بنت شراحیل

س نمبر 13: تمام روئے زمین پر کس کس نے بادشاہت کی تھی؟۔

ج نمبر 13: دو مسلمان تھے اور دو کافر تھے۔ مسلمان حضرت سلیمان علیہ السلام اور حضرت سکندر ذوالقرنین۔ اور کافر نمرود اور شداد

س نمبر 14: حضرت سلیمان علیہ السلام کی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 14: بنت سبع

س نمبر 15: حضرت سلیمان علیہ السلام کی کتنی اولاد تھی؟

ج نمبر 15: تین ایک بیٹا اور دو بیٹیاں انکے نام یہ ہیں۔ رجعام، طافت اور بسمت

س نمبر 16: حضرت سلیمان علیہ السلام نے کتنی عمر میں انتقال فرمایا؟

ج نمبر 16: (68) سال کی عمر میں

س نمبر 17: حضرت سلیمان علیہ السلام کا جانشین کونسا بیٹا تھا؟

ج نمبر 17: رجعام

حوالہ جات

1۔التحبیر یلسیوطی،حاشیہ جلالین۔ص۔275

2۔تذکرۃ الانبیاء۔ص نمبر۔374

3۔پ۔19۔سورۃ نمل آیت نمبر16

4۔تفسیر عزیزی

5۔التحبیر یلسیوطی،حاشیہ جلالین۔ص نمبر۔275

6۔تفسیر کبیر

7۔پ۔19 سورۃ نمل

8۔پ۔2۳۔سورۃ ص آیت نمبر۔12۔روح المعانی۔تفسیر کبیر

9۔مدارج۔جلالین۔روح المعانی

10۔مدارج۔جلالین۔روح المعانی

11۔روح المعانی۔حاشہ جلالین

12۔جلالین

13۔تفسیر عزیزی۔روح البیان

حضرت حزقیل علیہ السلام

س نمبر 1: آپ کا لقب کیا تھا؟

ج نمبر 1: ذوالکفل تھا۔

س نمبر 2: حضرت حزقیل علیہ السلام کی کنیت کیا تھی؟

ج نمبر 2: ''ابن العجوز'' تھی

س نمبر 3: حضرت حزقیل علیہ السلام کے معجزات میں سے کوئی ایک معجزہ بتائیں؟

ج نمبر 3: مُردوں کا زندہ کرنا

س نمبر 4: حضرت حزقیل علیہ السلام نے اپنی قوم کو کس چیز کی دعوت دی تھی؟

ج نمبر 4: جہاد کی دعوت دی تھی۔

س نمبر 5: حضرت حزقیل علیہ السلام کی قوم کو اللہ تعالیٰ نے موت کے بعد دوبارہ زندہ کیا تھا؟

ج نمبر 5: جی ہاں حضرت حزقیل علیہ السلام کی قوم کو اللہ تعالیٰ نے دوبارہ زندہ کیا پھر موت دی۔

س نمبر 6: حضرت حزقیل علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 6: بوذی کاہن

س نمبر 7: حضرت حزقیل علیہ السلام نے کس جگہ وفات پائی؟

ج نمبر 7: بابل (عراق)

س نمبر 8: حضرت حزقیل علیہ السلام کو کس جگہ دفن کیا گیا؟

ج نمبر 8: ''کوفہ'' میں

(حوالہ جات)

1۔روح المعانی، تفسیر کبیر (2) روح المعانی، تفسیر کبیر (3) روح المعانی، تفسیر کبیر

4۔تذکرۃ الانبیاء۔ص نمبر۔427 (5) پ۔2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر۔243

حضرت شموئیل علیہ السلام

س نمبر 1: حضرت شموئیل علیہ السلام کون سے نبی کی اولاد میں سے تھے؟

ج نمبر 1: حضرت ہارون علیہ السلام کی اولاد میں سے تھے۔

س نمبر 2: شموئیل کے کیا معنی ہیں؟ ج نمبر 2: اے اللہ سن

س نمبر 3: حضرت شموئیل علیہ السلام جب بڑے ہوئے تو آپ کی والدہ نے آپ کے ذمے کیا کام لگایا؟

ج نمبر 3: جب آپ بڑے ہوئے تو آپ کی والدہ نے آپ کو توریت دی اور بیت المقدس کی خدمت پر مقرر کیا۔

س نمبر 4: حضرت شموئیل علیہ السلام کے دور میں بادشاہ کس کو بنایا گیا؟

ج نمبر 4: حضرت طالوت علیہ السلام کو۔

س نمبر 5: حضرت شموئیل علیہ السلام کہاں پیدا ہوئے؟ ج نمبر 5: شہر ''راما''

س نمبر 6: حضرت شموئیل علیہ السلام کے کتنے بیٹے تھے اور انکے نام کیا تھے؟

ج نمبر 6: دو بیٹے تھے اور ان کے نام ''یوئیل'' ''بیاہ'' تھے۔

س نمبر 7: حضرت شموئیل علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟ ج نمبر 7: انفاقہ

س نمبر 8: حضرت شموئیل علیہ السلام کی والدہ کا کیا نام تھا؟ ج نمبر 8: حسنہ۔

س نمبر 9: حضرت شموئیل علیہ السلام کہاں دفن ہوئے؟

ج نمبر 9: اپنے آبائی شہر ''راما'' **(حوالہ جات)**

1۔ تذکرۃ الانبیاء۔ ص نمبر۔ 431 2۔ تذکرۃ الانبیاء۔ ص نمبر۔ 431

3۔ تذکرۃ الانبیاء۔ ص نمبر۔ 431 4۔ پ۔ 2۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر۔ 247

حضرت عزیر علیہ السلام

س نمبر 1: کیا حضرت عزیر علیہ السلام مستجاب الدعوات تھے؟

ج نمبر 1: جی ہاں حضرت عزیر علیہ السلام مستجاب الدعوات تھے

س نمبر 2: حضرت عزیر علیہ السلام کس کے دور میں تھے؟

ج نمبر 2: بخت نصر بادشاہ کے دور میں تھے

س نمبر 3: کیا حضرت عزیر علیہ السلام کو توریت مکمل یاد تھی؟

ج نمبر 3: جی ہاں حضرت عزیر علیہ السلام کو توریت مکمل یاد تھی۔

س نمبر 4: حضرت عزیر علیہ السلام کے معجزات کو دیکھ کر لوگوں نے کیا کہنا شروع کر دیا تھا؟

ج نمبر 4: اللہ تعالیٰ کا بیٹا

س نمبر 5: حضرت عزیر علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کا بیٹا کس نے کہا تھا؟

ج نمبر 5: یہودیوں نے

س نمبر 6: حضرت عزیر علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے کتنے عرصے کے بعد زندہ کیا؟

ج نمبر 6: (100) سال بعد

س نمبر 7: حضرت عزیر علیہ السلام پر جب موت واقع ہوئی تو اس وقت آپ کی عمر کیا تھی؟

ج نمبر 7: (40) برس

س نمبر 8: ج حضرت عزیر علیہ السلام کو موت آئی تو اس وقت آپ کے بیٹے کی عمر کیا تھی؟

ج نمبر 8: (18)

س نمبر 9: جب حضرت عزیر علیہ السلام کو زندہ کیا گیا تو اس وقت آپ کے بیٹے کی عمر کیا تھی؟

ج نمبر 9: (118) برس

س نمبر 10: جب حضرت عزیر علیہ السلام زندہ ہوئے تو اس وقت آپ کی لونڈی کی عمر کیا تھی؟

ج نمبر 10: (120) سال

س نمبر 11: حضرت عزیر علیہ السلام کس جگہ پیدا ہوئے؟

ج نمبر 11: بیت المقدس میں

س نمبر 12: حضرت عزیر علیہ السلام کونسے نبی کی اُمت سے تھے؟

ج نمبر 12: حضرت ہارون علیہ السلام کی اُمت سے تھے

س نمبر 13: حضرت عزیر علیہ السلام کس جانور پر سواری کرتے تھے؟

ج نمبر 13: حمار (یعنی گدھا)

س نمبر 14: حضرت عزیر علیہ السلام کو کس عمر میں نبوت ملی؟

ج نمبر 14: (40) سال کی عمر میں

س نمبر 15: حضرت عزیر علیہ السلام کہاں دفن ہیں؟

ج نمبر 15: دمشق (شام) میں۔

(حوالہ جات)

1۔روح المعانی۔ابوسعود۔روح البیان۔جمل۔خزائن العرفان

2۔روح المعانی۔ابوسعود۔روح البیان۔جمل۔خزائن العرفان

3۔روح المعانی۔ابوسعود۔روح البیان۔جمل۔خزائن العرفان

4۔پ۔3۔سورۃ البقرہ آیت نمبر۔259 (5)پ۔10۔سورۃ توبہ (6)پ۔10۔سورۃ توبہ

7۔روح المعانی۔ابوسعود۔روح البیان۔جمل۔خزائن العرفان

8۔روح المعانی۔ابوسعود۔روح البیان۔جمل۔خزائن العرفان

9۔روح المعانی۔ابوسعود۔روح البیان۔جمل۔خزائن العرفان

10۔روح المعانی۔ابوسعود۔روح البیان۔جمل۔خزائن العرفان

حضرت شعیب علیہ السلام

س نمبر 1: حضرت شعیب علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 1: آپ کے والد کا نام ''نویب'' تھا

س نمبر 2: حضرت شعیب علیہ السلام کون سے نبی کی اولاد میں سے تھے؟

ج نمبر 2: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولاد میں سے

س نمبر 3: حضرت شعیب علیہ السلام کون سے قبیلے سے تھے؟

ج نمبر 3: مدین قبیلے سے تھے

س نمبر 4: حضرت شعیب علیہ السلام کو کون سے قبیلے کی طرف نبی بنا کر بھیجا گیا؟

ج نمبر 4: مدین کی طرف اور اصحابہ ایکہ کی طرف

س نمبر 5: مدین والے اور ایکہ والے کون سے نبی کی اولاد میں سے تھے؟

ج نمبر 5: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولاد سے

س نمبر 6: کیا حضرت شعیب علیہ السلام کے کوئی بیٹے تھے؟

ج نمبر 6: حضرت شعیب علیہ السلام کا کوئی بیٹا نہیں تھا۔

س نمبر 7: حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم میں کون سی برائی تھی؟

ج نمبر 7: ناپ تول میں کمی کرتے تھے۔

س نمبر 8: حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم کس چیز سے مری تھی؟

س نمبر 8: حضرت جبرائیل علیہ السلام کی آواز سے

س نمبر 9: حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم پر جو عذاب آیا تھا اس سے کون کون سے لوگ بچے تھے؟

ج نمبر 9: حضرت شعیب علیہ السلام اور جو آپ پر ایمان لائے تھے

س نمبر 10: حضرت شعیب علیہ السلام کا اصل نام کیا تھا؟

ج نمبر 10: حوباب

س نمبر 11: خطیب الانبیاء کس نبی کو کہا جاتا ہے؟

ج نمبر 11: حضرت شعیب علیہ السلام کو

س نمبر 12: حضرت شعیب علیہ السلام کا انتقال کہاں ہوا؟

ج نمبر 12: حضر الموت میں

حوالہ جات

1۔تذکرۃ الانبیاء۔ص نمبر۔445

2۔تذکرۃ الانبیاء۔ص نمبر۔445

3۔پ۔8۔سورۃ اعراف آیت نمبر۔86

4۔پ۔8۔سورۃ اعرا ف آیت نمبر۔85

5۔تفسیر قرطبی

6۔مدارج۔حاشیہ جلالین۔ص نمبر۔329

7۔پ۔8۔سورۃ اعرف آیت نمبر۔86

8۔تفسیر کبیر

9۔پ۔12۔سورۃ ہود آیت نمبر۔96

حضرت موسیٰ علیہ السلام

س نمبر 1: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 1: آپ کے والد کا نام ''عمران'' تھا

س نمبر 2: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 2: مختلف اقوال ہیں صحیح قول کے مطابق ''یارخا'' یا ''یوحاندہ'' کتاب مقدس (یوکید)

س نمبر 3: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے سگے بھائی کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 3: حضرت ہارون علیہ السلام تھا

س نمبر 4: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بہن کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 4: مختلف قول ہیں صحیح قول کے مطابق آپ کی بہن کا نام ''مریم'' تھا

س نمبر 5: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے والد قبیلے کے کیا تھے؟

ج نمبر 5: سردار

س نمبر 6: حضرت موسیٰ علیہ السلام کون سے نبی کی اولاد میں سے تھے؟

ج نمبر 6: حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد میں سے

س نمبر 7: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پرورش کس نے کی تھی؟

ج نمبر 7: فرعون نے

س نمبر 8: جس عورت نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پرورش کی تھی اس کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 8: حضرت آسیہ بنت مزاحم، جو فرعون کی بیوی تھی

س نمبر 9: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ نے آپ کو کون سے دریا میں ڈالا تھا؟

ج نمبر 9: دریائے نیل میں

س نمبر 10: حضرت شعیب علیہ السلام کی بیٹیوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی کون کون سی دوخوبیاں بتائیں تھیں؟

ج نمبر 10: طاقتوراورامانت دار

س نمبر 11: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی جو بیوی تھی وہ کون سے نبی کی بیٹی تھیں؟

ج نمبر 11: حضرت شعیب علیہ السلام کی

س نمبر 12: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس بطور معجزہ جوعصا تھاوہ آپ کوکس نے دیا تھا؟

ج نمبر 12: حضرت شعیب علیہ السلام نے

س نمبر 13: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حضرت شعیب علیہ السلام کی کتنی سال خدمت کی تھی؟

ج نمبر 13: (10) سال

س نمبر 14: حضرت موسیٰ علیہ السلام پرکون سی کتاب نازل ہوئی تھی؟

ج نمبر 14: توریت

س نمبر 15: حضرت موسیٰ علیہ السلام کوکتنے عرصے بعد کتاب ملی تھی؟

ج نمبر 15: (40) دن کے بعد

س نمبر 16: وہ کون سی قوم تھی جن پرمن وسلوانازل ہوتا تھا؟

ج نمبر 16: بنی اسرائیل پر

س نمبر 17: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دورمیں جوفرعون تھااس کا کیانام تھا؟

ج نمبر 17: مختلف اقوال ہیں ولیدابن مصعب یامصعب بن ریان بعض میں قابوس بھی تحریرکیا ہے۔

س نمبر 18: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے کافرعون کون سے قبیلے سے تھا؟

ج نمبر 18: قبیلہ قطبیہ

س نمبر 19: حضرت موسیٰ علیہ السلام سے جن جادوگروں نے مقابلہ کیا تھا کیا وہ ایمان لے آئے تھے؟

ج نمبر 19: جی ہاں وہ جادوگر ایمان لے آئے تھے۔

س نمبر 20: قارون کون سے نبی کے دور میں تھا؟

ج نمبر 20: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دور میں

س نمبر 21: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا لقب کیا تھا؟

ج نمبر 21: کلیم اللہ

س نمبر 22: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زوجہ محترمہ کا کیا نام تھا؟۔

ج نمبر 22: حضرت صفورا

س نمبر 23: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی مکمل عمر کیا تھی؟

ج نمبر 23: (120) سال

س نمبر 24: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مزار کہاں ہے؟

ج نمبر 24: کوہ بنو عباریم سرخ ٹیلہ پر وادی ایمن میں

حوالہ جات

1۔ حاشیہ جلالین۔ ص نمبر۔ 326۔ روح البیان

2۔ حاشیہ جلالین۔ ص نمبر۔ 326۔ روح البیان

3۔ صاوی۔ جلالین۔ ص نمبر۔ 141۔

4۔ تذکرۃ الانبیاء۔ ص نمبر۔ 469

5۔ حاشیہ جلالین۔ ص نمبر۔ 326۔ روح البیان

6۔حاشیہ جلالین ۔ص نمبر۔326۔روح البیان

7۔روح المعانی۔16۔ص نمبر۔277

8۔تذکرۃ الانبیاء۔ص۔نمبر467

9۔تذکرۃ الانبیاء۔ص۔نمبر465

10۔پ۔20۔سورۃ القصص آیت نمبر25

11۔پ۔20۔سورۃ القصص آیت نمبر 27 تا 28روح المعانی

12۔موارخ حاشیہ جلالین۔ص نمبر۔329

13۔پ۔20۔سورۃ القصص آیت نمبر-28 تا27روح المعانی

14۔قرآن پاک۔روح البیان

15۔پ۔9۔سورۃ اعراف۔آیت نمبر142

16۔پ۔1۔سورۃ البقرہ آیت نمبر12

17۔تذکرۃ الانبیاء۔ص۔462

18۔تذکرۃ الانبیاء۔ص۔462

19۔پ۔9۔سورۃ اعراف۔117-122

20۔تفسیر کبیر

حضرت ہارون علیہ السلام

س نمبر 2: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنا خلیفہ کس کو بنایا تھا؟

ج نمبر 2: حضرت ہارون علیہ السلام کو

س نمبر 3: حضرت ہارون علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام کے کیا لگتے تھے؟

ج نمبر 3: حضرت ہارون علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام کے سگے بھائی تھے

س نمبر 4: حضرت ہارون علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 4: آپ کے والد کا نام ''عمران'' تھا

س نمبر 5: حضرت ہارون علیہ السلام کی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 5: مختلف اقوال ہیں صحیح قول کے مطابق ''یارخہ'' یا ''یوحاند''

س نمبر 6: حضرت ہارون علیہ السلام کے والد قبیلے کا کیا تھے؟

ج نمبر 6: سردار

س نمبر 7: حضرت ہارون علیہ السلام کون سے نبی کی اولاد میں سے تھے؟

ج نمبر 7: حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد میں سے

س نمبر 8: حضرت ہارون علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کتنے سال بڑے تھے؟

ج نمبر 8: حضرت ہارون علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام سے تین سال بڑے تھے۔

س نمبر 9: حضرت ہارون علیہ السلام کی زوجہ کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 9: ''یسعہ''

س نمبر 10: حضرت ہارون علیہ السلام کی پیدائش کس مقام پر ہوئی؟

ج نمبر 10: مصر میں

س نمبر 11: حضرت ہارون علیہ السلام کا انتقال کس مقام پر ہوا؟

ج نمبر 11: کوہ طور پر

س نمبر 12: حضرت ہارون علیہ السلام کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج نمبر 12: موسیرہ کے مقام پر جو مدینہ منورہ سے ساٹھ آٹھ میل کی دوری پر واقع ہے۔

حوالہ جات

1۔صاوی،حاشیہ جلالین

2۔پ۔9۔سورۃ اعراف 142 آیت نمبر

3۔صاوی،حاشیہ جلالین

4۔حاشیہ جلالین۔ص۔326۔روح البیان

5۔حاشیہ جلالین۔ص۔326۔روح البیان

6۔حاشیہ جلالین۔ص۔326۔روح البیان

7۔حاشیہ جلالین۔ص۔326۔روح البیان

8۔صاوی۔حاشیہ جلالین۔ص۔141

حضرت زکریا علیہ السلام

س نمبر 1: حضرت زکریا علیہ السلام کون سے نبی کی اولاد میں سے تھے؟

ج نمبر 1: حضرت سلیمان علیہ السلام کی اولاد میں سے

س نمبر 2: حضرت زکریا علیہ السلام کے بیٹے کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 2: حضرت یحییٰ علیہ السلام

س نمبر 3: حضرت زکریا علیہ السلام کی بیوی کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 3: ''ایشاع'' ''یا الشیع''

س نمبر 4: حضرت زکریا علیہ السلام کی بیوی ایشاع کس کی بہن تھی؟

جن نمبر 4: ''حنہ''

س نمبر 5: ایشاع اور حنہ یہ دونوں کس کی بیٹیاں تھیں؟

ج نمبر 5: فاقوز کی بیٹیاں تھیں

س نمبر 6: حنہ کس کی بیوی تھی؟

ج نمبر 6: حضرت عمران کی بیوی تھی

س نمبر 7: حضرت زکریا علیہ السلام کون سا کام کرتے تھے؟

ج نمبر 7: بڑھائی کا

س نمبر 8: کس بادشاہ نے حضرت زکریا علیہ السلام کو شہید کروایا تھا اس کا نام کیا تھا؟

ج نمبر 8: ''ہیرودیس''

س نمبر 9: حضرت زکریا علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 9: اون (برکیا مطابق انجیل مقدس)

س نمبر 10: کون سے نبی ہیں جن کو آرے سے شہید کیا گیا؟

ج نمبر 10: حضرت زکریا علیہ السلام

س نمبر 11: وہ کون سے نبی ہیں جن کا نام اللہ تعالیٰ نے خود رکھا؟

ج نمبر 11: حضرت زکریا علیہ السلام

حوالہ جات

1۔ تفسیر خزائن العرفان، روح المعانی

2۔ پ۔ 16۔ سورۃ مریم۔ 17

3۔ روح المعانی، تفسیر کبیر

4۔ روح المعانی، تفسیر کبیر

5۔ روح المعانی، تفسیر کبیر

6۔ روح المعانی، تفسیر کبیر

7۔ تفسیر خزائن العرفان، روح المعانی

8۔ ضیاء القرآن۔ مرقس۔ روح المعانی

9۔ ضیاء القران۔ مرقس۔ روح المعانی

حضرت یحییٰ علیہ السلام

س نمبر 1: کیا حضرت یحییٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے نبی تھے؟

ج نمبر 1: جی ہاں

س نمبر 2: حضرت یحییٰ علیہ السلام کون سے نبی کی اولاد میں سے تھے؟

ج نمبر 2: حضرت سلیمان علیہ السلام کی اولاد میں سے

س نمبر 3: حضرت یحییٰ علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 3: حضرت زکریا علیہ السلام

س نمبر 4: حضرت یحییٰ علیہ السلام کی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 4: ایشاع یا یشع

س نمبر 5: حضرت یحییٰ علیہ السلام کون سی کتاب کی تعلیم دیتے تھے؟

ج نمبر 5: توریت کی

س نمبر 6: حضرت زکریا علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے کون سے لڑکے کی خوشخبری دی تھی؟

ج نمبر 6: حضرت یحییٰ علیہ السلام

س نمبر 7: جب حضرت یحییٰ علیہ السلام پیدا ہوئے تو اس وقت آپ کی والدہ کی عمر کیا تھی؟

ج نمبر 7: معتبر قول کے مطابق 90 سال تھی

س نمبر 8: جس بادشاہ نے حضرت یحییٰ علیہ السلام کو شہید کروایا تھا اس کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 8: ''ہیرودیس''

س نمبر 9: حضرت یحییٰ علیہ السلام کی خالہ کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 9: ''حنہ''

س نمبر 10: وہ کون سے نبی ہیں جنہوں نے شادی نہیں کی؟

ج نمبر 10: حضرت یحیٰی علیہ السلام

س نمبر 11: حضرت یحیٰی علیہ السلام کا نام مبارک کس نے رکھا؟

ج نمبر 11: اللہ تعالیٰ نے

حوالہ جات

1۔ پ16۔ سورۃ مریم۔12

2۔ تفسیر خزائن العرفان، روح المعانی

3۔ پ16۔ سورۃ مریم۔ آیت 7

4۔ روح المعانی، تفسیر کبیر

5۔ تذکرۃ الانبیاء۔ ص۔626

6۔ پ16۔ سورۃ مریم آیت۔ 7

7۔ روح المعانی تفسیر کبیر

8۔ ضیاء القران، مرقس روح المعانی

9۔ روح المعانی

حضرت عیسیٰ علیہ السلام

س نمبر 1: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی کنیت کیا تھی؟

ج نمبر 1: ابن مریم

س نمبر 2: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 2: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا نام ''حضرت مریم'' تھا

س نمبر 3: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نانا کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 3: حضرت عمران

س نمبر 4: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نانی کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 4: حنہ یامسلہ بنت فاقوذ

س نمبر 5: کون سے نبی بغیر باپ کے پیدا ہوئے تھے؟

ج نمبر 5: حضرت عیسیٰ علیہ السلام

س نمبر 6: انجیل کتاب کون سے نبی پر نازل ہوئی تھی؟

ج نمبر 6: حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر

س نمبر 7: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات میں سے کوئی ایک معجزہ بتائیں؟۔

ج نمبر 7: مردوں کو زندہ کرنا

س نمبر 8: کون سے نبی تھے جنہوں نے چھوٹی عمر میں کلام فرمایا تھا؟

ج نمبر 8: حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے

س نمبر 9: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے کیا کیا القاب تھے؟

ج نمبر 9: مسیح اللہ، روح اللہ، کلمۃ اللہ

س نمبر 10: حواریین کون سے لوگ تھے؟

ج نمبر 10: جو سب سے پہلے حضرت عیسٰی علیہ السلام پر ایمان لائے تھے

س نمبر 11: کیا حضرت عیسٰی علیہ السلام زندہ ہیں؟

ج نمبر 11: جی ہاں حضرت عیسٰی علیہ السلام آسمانوں پر زندہ ہیں۔

س نمبر 12: کیا حضرت عیسٰی علیہ السلام دوبارہ زمین پر تشریف لائینگے؟

ج نمبر 12: جی ہاں حضرت عیسٰی علیہ السلام دوبارہ زمین پر تشریف لائینگے اور لوگوں کو دین اسلام کی تبلیغ کرینگے۔

س نمبر 13: حضرت عیسٰی علیہ السلام جب دوبارہ تشریف لائینگے تو نبی بنکر آئینگے یا امتی بن کر؟

ج نمبر 13: حضرت عیسٰی علیہ السلام جب دوبارہ تشریف لائیں گے تو نبی کریم ﷺ کے امتی بن کر آئینگے۔

س نمبر 14: حضرت عیسٰی علیہ السلام کی مثال اللہ تعالٰی کے نزدیک کس کی طرح ہے؟

ج نمبر 14: حضرت آدم علیہ السلام کی طرح

س نمبر 15: حضرت عیسٰی علیہ السلام کو اللہ تعالٰی کا بیٹا کس نے کہا تھا؟

ج نمبر 15: نصرانیوں نے

س نمبر 16: حضرت عیسٰی علیہ السلام اس دنیا میں کب تشریف لائیں گے؟

ج نمبر 16: قیامت کے قریب قریب تشریف لائیں گے۔

س نمبر 17: دجال کو کون قتل کرے گا؟

ج نمبر 17: حضرت عیسٰی علیہ السلام

س نمبر 18: جو شخص حضرت عیسٰی علیہ السلام کو شہید کرنے کے لیے اندر گیا تھا اس شخص کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 18: ططیانوس

س نمبر 20: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کہاں دفن ہونگے؟

ج نمبر 20: روزہ رسول ﷺ میں

س نمبر 21: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کہاں ہوئی؟

ج نمبر 22: بیت المقدس کے نزیک (بیت لحم) میں۔

س نمبر 23: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نام مبارک کس نے رکھا؟

ج نمبر 23: اللہ تعالیٰ نے

حوالہ جات

1۔ تفسیر کبیر
2۔ روح المعانی۔ تفسیر کبیر
3۔ روح المعانی۔ تفسیر کبیر
4۔ روح المعانی۔ تفسیر کبیر
5۔ روح المعانی
6۔ تفسیر کبیر
7۔ پ۔3۔ سورۃ آل عمران
8۔ روح المعانی
9۔ تفسیر کبیر
10۔ روح المعانی۔ ج۔2۔ ص۔176
11۔ پ۔6۔ سورۃ النساء۔ تفسیر کبیر
12۔ روح المعانی۔ خازن
13۔ مشکوۃ باب نزول عیسیٰ علیہ السلام مسلم بن ربا
14۔ پ3۔ سورۃ آل عمران۔ آیت نمبر 59
15۔ پ۔10۔ سورۃ توبہ
16۔ روح المعانی۔ ابوسعود
17۔ روح المعانی۔ خازن
18۔ تفسیر خازن۔ روح المعانی
19۔ مشکوۃ باب نزول عیسیٰ علیہ السلام

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

س نمبر 1: نبی کریم ﷺ کے والد کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 1: حضرت عبداللہ

س نمبر 2: نبی کریم ﷺ کی والدہ محترمہ کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 2: حضرت آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س نمبر 3: نبی کریم ﷺ کے دادا کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 3: حضرت عبدالمطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س نمبر 4: نبی کریم ﷺ کی دادی کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 4: فاطمہ بنت عمر

س نمبر 5: نبی کریم ﷺ کے چچا کا کیا نام تھا جنہوں نے آپ کی پرورش کی تھی؟

ج نمبر 5: حضرت ابوطالب (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

س نمبر 6: جس سال نبی کریم ﷺ اس دنیا میں تشریف لائے اس سال کو کیا کہتے ہیں؟

ج نمبر 6: اس سال کو "عام الفیل" کہتے ہیں

س نمبر 7: اس سال کو عام الفیل کیوں کہتے ہیں؟

ج نمبر 7: اس لیے کہتے ہیں کہ اس سال ابراھہ نے خانہ کعبہ پر حملہ کیا تھا۔

س نمبر 8: جب نبی کریم ﷺ پیدا ہوئے تو وہ کون سا مہینہ تھا؟

ج نمبر 8: ربیع الاول کا مہینہ تھا

س نمبر 9: جب نبی کریم ﷺ پیدا ہوئے تو وہ کون سا دن تھا؟

ج نمبر 9: پیر کا دن تھا

س نمبر 10: جب نبی کریم ﷺ پیدا ہوئے تو وہ کون سا وقت تھا؟

ج نمبر 10: صبح صادق کا وقت تھا

س نمبر 11: پیر کے دن کو نبی کریم ﷺ سے کیا تعلق تھا؟

ج نمبر 11: پیر کے دن نبی کریم ﷺ سے بہت سے تعلقات ہیں

(i) پیر کے دن نبی کریم ﷺ کی پیدائش ہوئی

(ii) پیر کے دن آپ ﷺ کو نبوت عطاء ہوئی

(iii) پیر کے دن آپ نے مکہ سے مدینہ ہجرت کی

(iv) پیر کے دن مکہ فتح ہوا

(v) پیر کے دن مدینہ طیبہ پہنچے

س نمبر 12: نبی کریم ﷺ کون سے نبی کی اولاد میں سے ہیں؟

ج نمبر 12: حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے

س نمبر 13: نبی کریم ﷺ کے نانا کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 13: وہب بن عبد مناف

س نمبر 14: نبی کریم ﷺ کی نانی کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 14: حضرت برہ

س نمبر 15: نبی کریم ﷺ کے نانا کے والد کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 15: عبد مناف

س نمبر 16: نبی کریم ﷺ کی نانی کے والد کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 16: عبد العزیٰ

س نمبر 17: کیا نبی کریم ﷺ کے کوئی اور بھی بہن بھائی تھے؟

ج نمبر 17: جی نہیں نبی کریم ﷺ کے کوئی بہن بھائی نہیں تھے

س نمبر 18: نبی کریم ﷺ کے والد کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج نمبر 18: نبی کریم ﷺ کی پیدائش سے چھ ماہ پہلے انتقال ہوا تھا

س نمبر 19: نبی کریم ﷺ کی والدہ محترمہ کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج نمبر 19: جب نبی کریم ﷺ کی عمر 6 سال تھی

س نمبر 20: نبی کریم ﷺ کے دادا کے والد کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 20: ھاشم

س نمبر 21: نبی کریم ﷺ کے کتنے چچا مسلمان ہوئے تھے؟

ج نمبر 21: دو چچا مسلمان ہوئے تھے جن کے نام حضرت عباس اور حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہیں۔

س نمبر 22: نبی کریم ﷺ کی دادی کے والد کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 22: عمرو

س نمبر 23: نبی کریم ﷺ کی دادی کی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 23: سلمیٰ

س نمبر 24: نبی کریم ﷺ کی رضاعی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 24: حضرت حلیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س نمبر 25: نبی کریم ﷺ نے پہلی شادی کتنی عمر میں کی تھی؟

ج نمبر 25: (25) سال کی عمر میں

س نمبر 26: نبی کریم ﷺ نے کس خاتون سے پہلے شادی کی تھی؟

ج نمبر 26: حضرت خدیجہ الکبریٰ سے

س نمبر 27: نبی کریم ﷺ نے جب خدیجہ الکبریٰ سے شادی کی تھی تو اس وقت ان کی عمر مبارک کیا تھی؟

ج نمبر 27: (40) سال

س نمبر 28: حضرت خدیجہ الکبریٰ کے والد کا کیا نام تھا؟

ج نمبر 28: خویلد

س نمبر 29: نبی کریم ﷺ کی کتنی بیویاں تھیں؟

ج نمبر 29: گیارہ بیویاں تھیں

س نمبر 30: تمام امہات المؤمنین کے اسماء گرامی کیا ہیں؟

ج نمبر 30: تمام امہات المؤمنین کے اسماء گرامی یہ ہیں

(1) حضرت خدیجۃ الکبرا بنت خویلد

(2) حضرت سودہ بنت زمعہ

(3) حضرت عائشہ بنت حضرت ابوبکر صدیق

(4) حضرت ام سلمہ عاتکہ بنت عامر

(5) حضرت حفصہ بنت حضرت عمر بن الخطاب

(6) حضرت زینب بنت جحش

7) حضرت جویریہ بنت الحارث

(8) حضرت ام حبیبہ بنت ابوسفیان

(9) حضرت صفیہ بنت حیی بنت اخطب

(10) حضرت میمونہ بنت حارث

(11) حضرت زینب بنت خزیمہ

س نمبر 31: نبی کریم ﷺ کی کتنی بیٹیاں تھیں؟

ج نمبر 31: چار بیٹیاں تھیں جن کے نام یہ ہیں

(i) حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا (ii) حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا

(iii) حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا (iv) حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س نمبر 32: نبی کریم ﷺ کے کتنے بیٹے تھے؟۔

ج نمبر 32: تین بیٹے تھے ان کے نام یہ ہیں

(i) حضرت قاسمؓ (ii) حضرت ابراہیمؓ (iii) حضرت عبداللہؓ

س نمبر 33: نبی کریم ﷺ کی تمام اولاد کون سی زوجہ محترمہ سے تھی؟

ج نمبر 33: حضرت خدیجہ الکبریٰ سے تھی اور ایک بیٹا آپ کی غلام زوجہ محترمہ حضرت ماریہ قبطیہ سے ہے۔

س نمبر 34: جب نبی کریم ﷺ پر پہلی وحی نازل ہوئی اس وقت آپکی عمر کیا تھی؟

ج نمبر 34: (40) سال تھی

س نمبر 35: نبی کریم ﷺ پر پہلی آیت کون سی نازل ہوئی تھی

ج نمبر 35: اقراء

س نمبر 36: نبی کریم ﷺ پر کون سی کتاب نازل ہوئی؟۔

ج نمبر 36: قرآن پاک

س نمبر 37: مکمل قرآن پاک کتنے عرصے میں نازل ہوا؟۔

ج نمبر 37: (23) سال کے عرصے میں

س نمبر 38: قرآن پاک میں نبی کریم ﷺ کا نام مبارک کتنی بار آیا ہے؟

ج نمبر 38: چار بار

س نمبر 39: نبی کریم ﷺ پر عورتوں میں سے سب سے پہلے کون ایمان لائیں؟

ج نمبر 39: حضرت خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س نمبر 40: نبی کریم ﷺ پر مردوں میں سے سب سے پہلے کون ایمان لائے؟

ج نمبر 40: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س نمبر 41: نبی کریم ﷺ پر بچوں میں سب سے پہلے کون ایمان لائے؟

ج نمبر 41: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س نمبر 42: نبی کریم ﷺ پر غلاموں میں سب سے پہلے کون ایمان لائے؟

ج نمبر 42: حضرت زید بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س نمبر 43: واقعہ معراج قرآن پاک کی کون کون سی سورتوں سے ثابت ہے؟۔

ج نمبر 43: سورۃ بنی اسرائیل اور سورۃ النجم سے

س نمبر 44: معراج پر جاتے ہوئے نبی کریم ﷺ نے کون سی سواری استعمال کی تھی؟۔

ج نمبر 44: براق

س نمبر 45: بیت المقدس میں کون سے نبی نے امامت کی تھی؟۔

ج نمبر 45 حضرت محمد ﷺ نے

س نمبر 46: نبی کریم ﷺ کو معراج میں کون سا تحفہ امت کے لئے ملا؟۔

ج نمبر 46: نماز

س نمبر 47: نبی کریم ﷺ کا نام محمد ﷺ کس نے رکھا تھا؟۔

ج نمبر 47: آپ کے دادا حضرت عبدالمطلب نے

س نمبر 48: نبی کریم ﷺ کا انتقال کس دن ہوا تھا؟۔

ج نمبر 48: پیر کو

س نمبر 49: نبی کریم ﷺ کو کب دفن کیا گیا تھا؟۔

ج نمبر 49: بدھ کی رات سحری کے وقت آپ کو دفنایا گیا؟۔

س نمبر 50: نبی کریم ﷺ کی قبر مبارک کو کیسا بنایا گیا؟

ج نمبر 50: نبی کریم ﷺ کی قبر مبارک کو لحد بنایا گیا تھا

س نمبر 51: کیا نبی کریم ﷺ تمام انبیاء سے افضل ہیں؟۔

ج نمبر 51: جی ہاں نبی کریم ﷺ تمام انبیاء سے افضل ہیں

س نمبر 52: غزوہ بدر میں مسلمانوں کے لشکر کی تعداد کتنی تھی؟۔

ج نمبر 52: تین سو تیرا (313)

س نمبر 53: غزوہ بدر میں کفار کے لشکر کی تعداد کتنی تھی؟

ج نمبر 53: ایک ہزار

س نمبر 54: غزوہ بدر کا ذکر قرآن پاک کی کون سی سورۃ میں ہے؟۔

ج نمبر 54: سورۃ انفال میں اور سورۃ ال عمران میں

س نمبر 55: غزوہ بدر کون سی تاریخ کو شروع ہوئی تھی؟۔

ج نمبر 55: (17) رمضان المبارک سن 02ھ کو شروع ہوئی تھی

س نمبر 56: غزوہ احد میں مسلمانوں کے لشکر کی تعداد کیا تھی؟۔

ج نمبر 56- 700

س نمبر 57: غزوہ احد میں کفار کے لشکر کی تعداد کیا تھی؟۔

ج نمبر 57: تین ہزار

س نمبر 58: غزوہ اُحد کا ذکر قرآن پاک کی کون سی سورۃ میں ہے؟۔

ج نمبر 58: سورۃ آل عمران میں

س نمبر 59: غزوہ اُحد کونسی تاریخ کو ہوئی تھی؟۔

ج نمبر 59: (15) شوال سن 03ھ کو

س نمبر 60: نبی کریم ﷺ کا دانت مبارک کون سے غزوہ میں شہید ہوا تھا؟۔

ج نمبر 60: غزوہ اُحد میں

س نمبر 61: فتح مکہ قرآن پاک کی کونسی سورۃ سے ثابت ہے؟۔

ج نمبر 61: سورۃ فتح سے

س نمبر 62: کون سی جنگ کو غزوہ کہتے ہیں؟۔

ج نمبر 62: جس جنگ میں نبی کریم ﷺ نے شرکت کی ہو

س نمبر 63: میدان بدر مدینے پاک سے کتنی دور ہے؟

ج نمبر 63: (80) میل

س نمبر 64: میدان اُحد مدینہ پاک سے کتنا دور واقع ہے؟

ج نمبر 64: چار میل

س نمبر 65: غزوہ اُحد میں نبی کریم ﷺ کے کون سا چچا شہید ہوئے تھے؟۔

ج نمبر 65: حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س نمبر 66: سید الشہداکس کا لقب ہے؟۔

ج نمبر 66: حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س نمبر 67: غزوہ اُحد میں حضرت حمزہ کا کلیجہ چبایا تھا اس عورت کا نام کیا تھا؟۔

ج نمبر 67: ہندہ

س نمبر 68: ہندہ کس کی بیوی تھی؟۔

ج نمبر 68: حضرت ابوسفیان کی

س نمبر 69: خندق کھودنے کا مشورہ کس نے دیا تھا؟۔

ج نمبر 69: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س نمبر 70: غزوہ خندق کا دوسرا نام کیا ہے؟۔

ج نمبر 70: غزوہ احزاب

س نمبر 71: غزوہ خیبر کس نے فتح کیا تھا؟۔

ج نمر 71: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے

س نمبر 72: نبی کریم ﷺ کا احمد نام کس نے رکھا تھا؟۔

ج نمبر 72: آپ کی والدہ حضرت بی بی آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے

س نمبر 73: نبی کریم ﷺ کے دادا کا جب انتقال ہوا تو اس وقت آپ کی عمر مبارک کیا تھی؟۔

ج نمبر 73: آٹھ سال دو ماہ دس دن۔

س نمبر 74: حضرت حلیمہ سعدیہ کا تعلق کون سے قبیلے سے تھا؟۔

ج نمبر 74: :بنو سعد سے۔

س نمبر 75: نبی کریم ﷺ کا نکاح کس نے پڑھایا تھا؟۔

ج نمبر 75: حضرت ابو طالبؓ نے۔

س نمبر 76: مسلمانوں کا اولاً کون سا قبلہ تھا؟۔

ج نمبر 76: بیت المقدس۔

س نمبر 77: اب مسلمانوں کا کون سا قبلہ ہے؟۔

ج نمبر 77: خانہ کعبہ۔

س نمبر 78: کونسے شخص کو نبی کریم ﷺ نے اپنے ہاتھ سے قتل کیا؟۔

ج نمبر 78: ابی بن خلف۔

س نمبر 79: نبی کریم ﷺ کی مکمل عمر کیا تھی؟۔

ج نمبر 79: (63) سال۔

س نمبر 80: نبی کریم ﷺ کو غسل کس کس نے دیا تھا؟۔

ج نمبر 80: حضرت علی، حضرت عباس، حضرت افضل بن عباس، حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہم ان سب نے مل کر دیا تھا۔

حوالہ جات

1۔مدارج النبوہ۔ج،2
2۔تاریخ ابن خشام
3۔مدارج النبوہ۔ج۔2۔ھواجب لریز
4۔انوارمحمدیہ
5۔انوارمحمدیہ۔ص۔159
6۔مواہب۔انوارمحمدیہ۔ص۔27۔صاوی۔بلفتاوئ
7۔مواہب۔انوارمحمدیہ۔ص۔27۔صاوی۔بلفتاوئ
8۔مواہب۔انوارمحمدیہ۔ص۔27۔صاوی۔بلفتاوئ
9۔مواہب۔انوارمحمدیہ۔ص۔27۔صاوی۔بلفتاوئ
10۔مواہب۔انوارمحمدیہ۔ص۔27۔صاوی۔بلفتاوئ
11۔مدارج النبوہ۔ج،2
12۔تاریخ ابن حشام
13۔تاریخ ابن حشام
14۔تاریخ ابن حشام
15۔تاریخ ابن حشام
16۔تاریخ ابن حشام
17۔مدارج النبوہ
18۔مدارج النبوہ۔ص۔ج۔262
19۔ابن حشام۔ج۔1۔ص۔189
20۔انوارمحمدیہ۔ص۔159

21۔انوار محمدیہ۔ص۔159 22۔انوار محمدیہ۔ص۔159

23۔انوار محمدیہ۔الحاوی للفتویٰ 24۔مدارج النبوۃ

25۔مدارج النبوۃ 26۔مدارج النبوۃ

27۔مدارج النبوۃ 28۔مدارج النبوۃ

29۔مدارج النبوۃ

30۔انوار محمدیہ۔ص۔145۔مدارج البنوہ۔ج۔2۔ص۔786

31۔انوار محمدیہ۔ص۔145۔مدارج البنوہ۔ج۔2۔ص۔786

32۔انوار محمدیہ۔ص۔147

33۔بخاری شریف۔باب۔کیف کان بدء الوحی

34۔قرآن پاک 35۔قرآن پاک

36۔بخاری شریف 37۔قرآن پاک

38۔تذکرۃ الانبیاء۔ص۔975 39۔تذکرۃ الانبیاء۔ص۔975

40۔تذکرۃ الانبیاء۔ص۔975 41۔تذکرۃ الانبیاء۔ص۔975

42۔قرآن پاک 43۔مدارج۔ج۔2۔ص۔85

44۔مدارج۔ج۔2۔ص۔85 45۔مدارج۔ج۔2۔ص۔85

46۔نبی کہ شرف۔مسلم۔مشکوۃ

47۔تذکرۃ الانبیاء۔ص۔1006اصول کافی معاصافی کتاب حج جز سوئم

48۔تذکرۃ الانبیاء۔ص۔1006اصول کافی معاصافی کتاب حج جز سوئم

49۔مدارج البنوۃ 50۔پ۔3۔سورۃ۔البقرہ

51۔مسلم شریف۔خزائن العرفان 52۔مسلم شریف۔خزائن العرفان

53۔پ 9 سورۃ انفال

54۔خزائن العرفان

55۔خزائن العرفان

56۔خزائن العرفان

57۔پ 3 سورت آل عمران

58۔خزائن العرفان

59۔خزائن العرفان

60۔پ 26 سورت الفتح۔خازن۔روح البیان

وما علینا الا البلغ المبین

اللہ رب العزت کی بارگاہ میں استدعا ہے کہ وہ میری اس کاوش کو اپنی بارگاہ عالیٰ میں شرف قبولیت عطاء فرمائے اور اسے عامۃ الخلق کے لیے سودمند فرمائے آمین۔

کی محمد ﷺ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح وقلم تیرے ہیں

غلام مصطفےٰ ﷺ

ابو محمد علی شیر نقشبندی، مجددی، مسعودی

1-1-2009

ملفوظات مسعود ملت پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد قدس سرہٗ العزیز

1۔اللہ کا خوف زندگی کو متوازن بناتا ہے۔

2۔اللہ کا خوف بندے کو دل دار بناتا ہے۔

3۔اچھی سیرتیں،اچھی صورتوں سے بہتر ہیں۔

4۔اخلاص،عمل کی جان ہے

5۔اخلاص سے عمل میں جان پڑتی ہے۔

6۔اچھی عادتیں،انسان کو خوبصورت بناتی ہیں۔

7۔اسلام نے انسان کو انسان بنایا۔

8۔مال اسکا ہے،مالک ہم کو بنا دیا کیسا کرم فرمایا۔

9۔ہم،گن ،گن کر پیش کرتے ہیں،وہ بے گنتی عطا فرماتا ہے،کیسی عجیب بات ہے۔

10۔من بدلتا ہے،تو تن بدلتا ہے۔

11۔دل کی حفاظت،جان وایمان کی حفاظت ہے۔

12۔تن کی صفائی سے زیادہ من کی صفائی ضروری ہے۔

13۔دنیا کی محبت انسان کو نظر سے گرا دیتی ہے۔

14۔بے ادب کا دل پتھر کی طرح سخت اور باادب کا دل پھول کی طرح نرم ہوتا ہے۔

15۔دل جب زبان سے ملتا ہے،آدمی انسان بن جاتا ہے۔

16۔علم کی بہار عمل سے ہے عمل کی بہار اخلاص سے۔

17۔دوسروں کی غلطی پر نظر رکھنے والا خود کو نہیں بنا سکتا۔

18۔مبارک ہے وہ مخدوم بن کر بھی خادم بنا رہے۔

19۔ہم اسکے بندے ہیں ،اسکا کہنا نہیں مانتے ،حیرت ہے۔

20۔اپنے دشمنوں سے بھی پیار کریں ،دوستوں سے تو سب ہی پیار کرتے ہیں۔

21۔دولت کی محبت تمام برائیوں کی جڑ ہے۔

22۔سنت سے پیار رکھیں اور سنت ہی کو اپنائیں۔اس میں عظمت بھی ہے۔قوت بھی ہے۔
شوکت بھی ہے۔

23۔ہم عظمتوں کو تن کے باہر تلاش کرتے ہیں، عظمتیں تو تن کے اندر ہیں۔

24۔اسلام ،زندگی ہے۔جو اسلام سے بیزار ہے وہ زندگی سے بیزار ہے۔

تعارف

جامعہ دارالعلوم خلفائے راشدین حاصل پور روڑ چشتیاں شریف ایک خالص دینی ادارہ ہے، جو شب وروز دین اسلام کی تعلیم وتربیت کیلئے کوشاں ہے۔ جس میں ایک سو کے قریب طلباء وطالبات زیور تعلیم سے آراستہ ہورہے ہیں جنہیں قرآن مجید حفظ وناظرہ بمع تجوید وقراۃ کی تعلیم دی جاتی ہے، مسافر طلباء کیلئے خوراک اور رہاش کے معقول انتظام کیساتھ ساتھ علاج معالجہ کی سہولت بھی موجود ہے۔ ان تمام انتظامات پر آنے والے اخراجات مدرسہ کی انتظامیہ کی جانب سے فراہم کیے جاتے ہیں۔

مدرسہ کا مستقل کوئی ذریعہ آمدنی نہیں ہے۔ یہ محض اللہ تعالٰی کے فضل وکرم اور مخیرّ حضرات کے تعاون سے جاری ہے۔ مدرسہ کے ماہانہ اخراجات پچاس ہزار اور سالانہ چھ لاکھ سے زیادہ ہیں یہ تمام اخراجات زکوٰۃ، صدقات، عطیات، اور چرم قربانی وغیرہ کے ذریعہ سے حاصل ہوتے ہیں۔ اس میں آپ بھی حسب توفیق حصہ ملائیں۔ عین ممکن ہے کے آپ کے اس تعاون کی بدولت تعلیم کی روشنی پانے والا ایک طالب علم علم کی شمع جلائے اسی سے آپکی دنیا وآخرت بھی روشن ہوجائے۔ اور بخشش کا سامان ہوجائے۔ تو آیئے ہمارے شانہ بشانہ خدمت دین کے اس کارواں کو ترقی کی راہ پر گامزن کریں۔

نوٹ۔ اپنے صدقات وعطیات دیکر رسید ضرور حاصل کریں

فجزاکم اللہ احسن الجزاء

برائے رابطہ

0345-8074204, 0300-4712438

رابطہ برائے شرعی مسائل

0307-2251546